# مرکزی مجلسِ شوریٰ کا

## مدنی مشورہ اور اس کے مدنی پھول



اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# دُرُود شریف کی فضیلت

شیخِ طریقت، امیرِ اہلِ سُنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی، حضرتِ علّامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّارؔ قادری رضوی ضیائی دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ اپنے رسالے ''**بیمار عابد**'' میں تحریر فرماتے ہیں:

**سرکارِ مدینہ**، راحتِ قلب وسینہ، صاحبِ معطّر پسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا فرمانِ باقرینہ ہے: ''اے لوگو! بے شک بروزِ قیامت اسکی دہشتوں اور حساب کتاب سے جلد نَجات پانے والا شخص وہ ہوگا، جس نے تم میں سے مجھ پر دنیا کے اندر بکثرت **دُرُود شریف** پڑھے ہوں گے۔'' (اَلْفِردَوس بمأثور الْخِطاب ج ٥ ص ٢٧٧ حدیث ٨١٧٥)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## مَدَنی مشورہ مرکزی مجلسِ شوریٰ

(پاکستان اور عالمی مجلسِ مشاورت، مجلس بیرونِ ملک کے مدنی پھول بھی شامل ہیں)

| | | |
|---|---|---|
| ٢ تا ٥ ذیقعدۃُ الحرام ١٤٣٦ھ | فیضانِ مدینہ بابُ المدینہ (کراچی) | 17 تا 20 اگست 2015ء |

## فکرِ مدینہ (یعنی اپنا مُحاسبہ) کرتے رہئے

پارہ 28 سُوْرَۃُ الْحَشْر کی آیت نمبر 18 میں **اللہ** تَعَالٰی اِرشاد فرماتا ہے:

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ

ترجمۂ کنز الایمان: اے ایمان والو! **اللہ** سے ڈرو اور ہر جان دیکھے کہ کل کے لئے کیا آگے بھیجا۔

**اس آیت** کے تحت ''**تفسیر ابنِ کثیر**'' میں ہے: ''یعنی اپنا محاسبہ کرلو اس سے پہلے کہ تمہارا محاسبہ کیا جائے اور غور کرو کہ تم ربّ تعالیٰ کی بارگاہ میں لے جانے کے لئے کیا جمع کروا رہے ہو، یاد رکھو! اللہ تعالیٰ تمہارے تمام اَعمال واَحوال کو جانتا ہے، تمہارا چھوٹے سے چھوٹا اور بڑے سے بڑا عمل اس سے پوشیدہ نہیں ہے (تفسیر ابنِ کثیر ج ٨، ص ١٠٦)

اس آیت کے تحت ''**تفسیر دُرِّ منثور**'' میں ہے کہ امیرُ الْمُؤمِنین حضرتِ سیِّدُنا **صدیقِ اکبر** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے خطبہ دیتے ہوئے اِرشاد فرمایا: ''اے لوگو! یاد رکھو کہ تم صبح وشام اُس موت کی طرف بڑھ رہے ہو جو تمہاری آنکھوں سے اوجھل ہے، اگر تم سے ہوسکے تو جب موت آئے تو تم اس کے لئے تیار بیٹھے ہو لیکن یہ تم سے توفیقِ خداوندی کے بغیر نہ

www.dawateislami.net

ہو سکے گا، ایک قوم نے دوسروں کی موت کو یاد رکھا لیکن اپنی موت کو بھول گئے، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں ان جیسا بننے سے منع فرمایا ہے، چنانچہ پارہ 28، سُوْرَۃُ الْحَشر کی آیت نمبر 19 میں اِرشاد فرمایا:

وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِیْنَ نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰىهُمْ اَنْفُسَهُمْ ؕ اُولٰٓىٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۹﴾

ترجمۂ کنزالایمان: اور اُن جیسے نہ ہو جو اللہ کو بھول بیٹھے تو اللہ نے اُنہیں بلا میں ڈالا کہ اپنی جانیں یاد نہ رہیں، وہی فاسِق ہیں۔

اس آیتِ مبارکہ کے تحت تفسیر ''دُرِّ منثور'' میں ہے:

''وہ لوگ آج کہاں ہیں؟ جنہیں تم اپنا بھائی کہتے تھے، وہ اس تک پہنچ گئے جو انہوں نے آگے بھیجا تھا، کہاں ہیں وہ جابر حکمران جنہوں نے قلعے اور اس کے اِرد گرد مضبوط فَصِیلیں (دیواریں) تعمیر کروائیں؟ آج وہ پتھریلی زمین اور ٹیلوں میں دفن ہو چکے ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے، جس کے عجائب فنا نہیں ہوتے اور اس کا نور ماند نہیں پڑتا، تم اس کے نور سے اپنا آج، آنے والے تاریک کل کے لئے روشن کرو، اللہ تعالیٰ کی کتاب اور اس کے اَحکامات سے نصیحت حاصل کرو کہ اللہ تعالیٰ نے ایسی قوم کی تعریف پارہ 17 سُوْرَۃُ الْاَنْبِیَاء کی آیت نمبر 90 میں فرمائی ہے:

كَانُوْا یُسٰرِعُوْنَ فِی الْخَیْرٰتِ وَ یَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّ رَهَبًا ؕ وَ كَانُوْا لَنَا خٰشِعِیْنَ ﴿۹۰﴾

ترجمۂ کنزالایمان: بے شک وہ بھلے کاموں میں جلدی کرتے تھے اور ہمیں پکارتے تھے اُمید اور خوف سے اور ہمارے حضور گڑگڑاتے ہیں۔

(تفسیر دُرِّ منثور، ج ۸، ص ۱۱۴)

☆ امیرُ الْمُؤمِنِین حضرتِ سیِّدُنا فاروقِ اعظم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے فرمایا: حَاسِبُوْا اَنْفُسَکُمْ قَبْلَ اَنْ تُحَاسَبُوْا یعنی اپنے نفس کا محاسبہ کرو اس سے پہلے کہ تمہارا حساب لیا جائے۔

(ترمذی، کتاب صفة القیامة، ۲۰۸/۴، حدیث: ۲۴۶۷)

## حُبِّ جاہ سے بچئے

اپنے آپ کو حبِّ جاہ (عزّت و شہرت کی چاہت) سے بچانے کی کوشش کیجئے، امیرِ اہلِ سنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ اپنی مایہ ناز کتاب ''عاشقانِ رسول کی 130 حِکایات مع مکے مدینے کی زیارتیں'' میں تحریر فرماتے ہیں: بعضوں کی عادت ہوتی ہے کہ وہ عام لوگوں سے تو جُھک جُھک کر ملتے اور اُن کیلئے بِچھ بِچھ جاتے ہیں مگر والدین، بھائی بہنوں اور بال بچّوں کے ساتھ اُن کا رویّہ جارِحانہ، غیر اخلاقی اور بسا اوقات سخت دل آزار ہوتا ہے۔ کیوں؟ اس لئے کہ عوام میں عمدہ اَخلاق کا مُظاہرہ مقبولیت

www.dawateislami.net

عامّہ کا باعِث بنتا ہے جبکہ گھر میں حُسنِ سُلوک کرنے سے عزّت وشہرت ملنے کی خاص اُمید نہیں ہوتی! اس لئے یہ لوگ عوام میں خوب میٹھے میٹھے بنے رہتے ہیں! اِسی طرح جو اسلامی بھائی بعض مُستَحَب کاموں کے لئے بڑھ چڑھ کر قُربانیاں پیش کرتے مگر فرائض وواجبات کی ادائیگی میں کوتاہیاں برتتے ہیں مَثَلاً ماں باپ کی اِطاعت، بال بچّوں کی شریعت کے مطابِق تربیّت اور خود اپنے لئے **فرض عُلوم** کے حُصُول میں غفلت سے کام لیتے ہیں، حقیقت یہ ہے کہ جن نیک کاموں میں ''شہرت ملتی اور واہ واہ! ہوتی ہے'' وہ دُشوار ہونے کے باوُجُود بآسانی سرانجام پا جاتے ہیں **کیوں کہ حُبِّ جاہ** (یعنی شُہرت وعزّت کی چاہت) **کے سبب ملنے والی لذّت بڑی سے بڑی مَشَقّت آسان کر دیتی ہے۔** یاد رکھئے! ''حُبِّ جاہ'' میں ہلاکت ہی ہلاکت ہے۔

عبرت کیلئے **2 فرامینِ مصطفٰے** صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم **مُلاحظہ ہوں:**

﴿1﴾ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی طاعت (یعنی عبادت) کو بندوں کی طرف سے کی جانے والی **تعریف کی مَحبَّت** سے ملانے سے بچتے رہو، **کہیں تمہارے اَعمال برباد نہ ہو جائیں۔** (فردوسُ الاخبار، ج۱ ص ۲۲۳ حدیث ۱۵۶۷)

﴿2﴾ دو بھوکے بھیڑیے بکریوں کے ریوڑ میں **اتنی تباہی نہیں مچاتے جتنی تباہی حُبِّ مال وجاہ** (یعنی مال ودولت اور عزّت وشہرت کی محبّت) **مسلمان کے دِین میں مچاتی ہے۔** (ترمذی ج ۴ ص ۱۶۶ حدیث ۲۳۸۳)

## حُبِّ جاہ کے متعلِّق اہم ترین مَدَنی پھول

''**حُبِّ جاہ**'' کے تعلُّق سے **اِحیاءُ العلوم** کی جلد 3 ص616 تا 617 کو سامنے رکھ کر کچھ **مَدَنی پھول** پیشِ خدمت ہیں: '' (حُبِّ جاہ ورِیا) نفس کو ہلاک کرنے والے آخری اُمور اور باطِنی مکروفریب سے ہے، اِس میں عُلَماء، عبادت گزار اور آخرت کی منزل طے کرنے والے لوگ مبتَلا کیے جاتے ہیں، اس طرح کہ یہ حضرات بسا اوقات خوب کوششیں کر کے عبادات بجالانے، نفسانی خواہشات پر قابو پانے بلکہ شُبہات سے بھی خود کو بچانے میں کامیاب ہو جاتے ہیں، اپنے اَعضا کو ظاہری گناہوں سے بھی بچالیتے ہیں مگر عوام کے سامنے اپنے نیک کاموں، دینی کارناموں اور نیکی کی دعوت عام کرنے کے لئے کی جانے والی کاوِشوں (کوششوں) جیسا کہ میں نے یہ کیا، وہ کیا، وہاں بیان تھا، یہاں بیان ہے، بیانات (کرنے یا نعت پڑھنے) کیلئے اِتنی اِتنی تاریخیں ''بُک'' ہیں، مَدَنی مشورے میں رات اِتنے بج گئے اور آرام نہ ملنے کی تھکن ہے، اِسی لئے آواز بیٹھی ہوئی ہے۔ ''مَدَنی قافِلے میں سفر ہے، اِتنے اِتنے مَدَنی قافلوں میں یا مدنی کاموں کیلئے فُلاں فُلاں شہروں، ملکوں کا سفر کر چکا ہوں وغیرہ وغیرہ کے اِظہار کے ذَرِیعے اپنے نَفْس کی راحت کے طلبگار ہوتے ہیں، اپنا علم وعمل ظاہر کر کے مخلوق کے یہاں مقبولیّت اور ان کی طرف سے ہونے والی اپنی تعظیم وتوقیر، واہ واہ اور عزّت کی **لذّت** حاصل کرتے ہیں، جب مقبولیّت وشُہرت ملنے لگتی ہے تو اُس کا **نَفْس** چاہتا ہے کہ علم وعمل لوگوں پر زیادہ سے زیادہ ظاہر ہونا چاہئے تا

www.dawateislami.net

کہ اور بھی عزّت بڑھے۔ لٰہذا وہ اپنی نیکیوں، علمی صلاحیتوں کے تعلّق سے مخلوق کی اِطّلاع کے مزید راستے تلاش کرتا ہے اور **خالق** عَزَّوَجَلَّ کے جاننے پر کہ میرا ربّ عَزَّوَجَلَّ میرے اَعمال سے باخبر ہے اور مجھے اجر دینے والا ہے، قَناعت نہیں کرتا بلکہ اِس بات پر خوش ہوتا ہے کہ لوگ اِس کی **واہ واہ** اور **تعریف** کریں اور **خالق** عَزَّوَجَلَّ کی طرف سے حاصِل ہونے والی تعریف پر قَناعت نہیں کرتا۔ **نَفس** یہ بات بخوبی جانتا ہے کہ لوگوں کو جب اِس بات کا علم ہوگا کہ فُلاں بندہ نفسانی خواہِشات کا تارِک ہے، شُبہات سے بچتا ہے، راہِ خدا میں خوب پیسے خرچ کرتا ہے، عبادات میں سخت مَشَقّت برداشت کرتا ہے، خوفِ خدا اور عشقِ مصطفٰے میں خوب آہ وزاری کرتا اور آنسو بہاتا ہے، مَدَنی کاموں کی خوب دھومیں مچاتا ہے، لوگوں کی اِصلاح کیلئے بَہُت دل جلاتا ہے، خوب مَدَنی قافلوں میں سفر کرتا کراتا ہے، زَبان، آنکھ اور پیٹ کا **قُفلِ مدینہ** لگاتا ہے، روزانہ فیضانِ سنّت کے اِتنے اِتنے دَرس دیتا ہے، مدرسۃُ المدینہ (بالغان)، صدائے مدینہ، علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت کا بڑا ہی پابند ہے تو اُن (لوگوں) کی زبانوں پر اس (بندے) کی خوب تعریف جاری ہوگی، وہ اسے عزّت و اِحترام کی نگاہ سے دیکھیں گے، اس کی ملاقات اور زیارت کو اپنے لئے باعثِ سعادت اور سرمایۂ آخرت سمجھیں گے، حُصولِ بَرَکت کیلئے مکان یا دُکان پر ''دوقدم'' رکھنے، چل کر دُعا فرما دینے، چائے پینے، دعوتِ طعام قبول کرنے کی نہایت لجاجت کے ساتھ درخواستیں کریں گے، اس کی رائے پر چلنے میں دو جہاں کی بھلائی تصوُّر کریں گے، اسے جہاں دیکھیں گے خدمت کریں گے اور سلام پیش کریں گے، اِس کا جوٹھا کھانے پینے کی حِرص کریں گے، اس کا تحفہ یا اِس کے ہاتھ سے مَس کی ہوئی چیز پانے میں ایک دوسرے پر سبقت کریں گے، اس کی دی ہوئی چیز چُومیں گے، اس کے ہاتھ پاؤں کے بوسے لیں گے، اِحتِراماً ''حضرت! حُضور! یاسیِّدی!'' وغیرہ اَلقاب کے ساتھ خاشِعانہ انداز اور آہستہ آواز میں بات کریں گے، ہاتھ جوڑ کر سر جُھکا کر دُعاؤں کی اِلتِجائیں کریں گے، مجالِس میں اِس کی آمد پر تعظیماً کھڑے ہو جائیں گے، اِسے ادب کی جگہ بٹھائیں گے، اِس کے آگے ہاتھ باندھ کر کھڑے ہوں گے، اِس سے پہلے کھانا شُروع نہیں کریں گے، عاجزانہ انداز میں تحفے اور نذرانے پیش کریں گے۔ تواضُع کرتے ہوئے اِس کے سامنے اپنے آپ کو چھوٹا (مَثَلاً خادِم وغلام) ظاہر کریں گے، خریدوفروخت اور مُعامَلات میں اِس سے مُرُوَّت بَرتیں گے، اس کو چیزیں عُمدہ کوالٹی کی اور وہ بھی سَستی یا مُفت دیں گے۔ اس کے کاموں میں اس کی عزّت کرتے ہوئے جُھک جائیں گے۔ **لوگوں کے اِس طرح کے عقیدت بھرے انداز سے نَفس کو بَہُت زیادہ لذّت حاصل ہوتی ہے اور یہ وہ لذّت ہے جو تمام خواہِشات پر غالِب ہے،** اِس طرح کی عقیدت مندیوں کی لذّتوں کے سبب گناہوں کا چھوڑنا اُسے معمولی بات معلوم ہوتی ہے کیوں کہ ''حُبِّ جاہ'' کے مریض کو نَفس گناہ کروانے کے بجائے اُلٹا سمجھاتا ہے کہ دیکھ گناہ کرے گا تو عقیدت مند آنکھیں پھیر لیں گے! لٰہذا

www.dawateislami.net

نفس کے تعاون سے مُعتقدین میں اپنا وقار برقرار رکھنے کے جذبے کے سبب عبادت پر اِستقامت کی شِدَّت میں اُس کو نرمی و آسانی محسوس ہوتی ہے کیونکہ وہ باطِنی طور پر لذّتوں کی لذّت اور تمام شَہوتوں (یعنی خواہشات) سے بڑی شہوت (یعنی عوام کی عقیدت سے حاصل ہونے والی لذّت) کا اِدراک (یعنی پہچان) کرلیتا ہے، وہ اِس خوش فہمی میں پڑ جاتا ہے کہ میری زندگی **اللہ** تعالیٰ کے لیے اور اس کی مرضی کے مطابق گزر رہی ہے، حالانکہ اُس کی زندگی اُس پوشیدہ (حُبِّ جاہ یعنی اپنی واہ واہ چاہنے والی چُھپی) خواہش کے تحت گزرتی ہے جس کے اِدراک (یعنی سمجھنے) سے نہایت مضبوط عقلیں بھی عاجز و بے بس ہیں، وہ عبادتِ خداوندی میں اپنے آپ کو مُخلِص اور خود کو **اللہ** تعالیٰ کے مَحارِم (حرام کردہ مُعامَلات) سے اِجتناب (یعنی پرہیز) کرنے والا سمجھ بیٹھتا ہے! حالانکہ ایسا نہیں، بلکہ وہ تو بندوں کے سامنے زَیب وزینت اور تَصَنُّع (یعنی بناوٹ) کے ذَرِیعے خوب لذّتیں پا رہا ہے، اسے جو عزّت وشُہرت مِل رہی ہے اِس پر بڑا خوش ہے۔ **اِس طرح عِبادتوں اور نیک کاموں کا ثواب ضائع ہوجاتا ہے اور اس کا نام مُنافِقوں کی فِہرست میں لکھا جاتا ہے اور وہ نادان یہ سمجھ رہا ہوتا ہے کہ اسے اللہ عَزَّوَجَلَّ کا قُرب حاصل ہے!** (عاشقانِ رسول کی 130 حِکایات مع مکے مدینے کی زیارتیں، ص۱۰۳ تا ۱۰۷)

## لوگوں کی رِضا کے لیے اللہ کی ناراضی سے بچئے

اُمُّ الْمُؤمِنِین حضرتِ سیِّدَتُنا عائشہ صدّیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسولِ پاک، صاحبِ لولاک، سیّاحِ اَفلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو اِرشاد فرماتے سنا: ”جو شخص لوگوں کی ناراضی کے ساتھ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی خوشنودی کا طالِب ہو (یعنی **اللہ** عَزَّوَجَلَّ راضی ہو خواہ لوگ راضی ہوں یا ناراض، اس کی کوئی پروانہ کرے) **اللہ** تعالیٰ لوگوں کے شر سے اس کی کفایت کرے گا اور جو شخص لوگوں کو خوش رکھنا چاہے، **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی ناراضی کے ساتھ، **اللہ** تعالیٰ اس کو لوگوں کے سپرد کردے گا۔“ (ترمذی، کتاب الزھد، باب: ۶۵، ۱۸۶/۴، حدیث: ۲۴۲۲)

☆ **حُجَّۃُ الْاِسلام** حضرتِ سیِّدُنا امام ابوحامد محمد بن محمد بن محمد غزالی علیہ رحمۃ اللہ الوالی تحریر فرماتے ہیں: جس شخص کا دل لوگوں کی رضا پانے اور ان کی نظروں میں اپنا مقام بنانے میں مشغول ہو تو وہ دھوکے میں ہے، کیونکہ اگر اسے کَمَا حَقُّہٗ **اللہ** تعالیٰ کی مَعرِفت حاصل ہوتی تو وہ جان لیتا کہ کسی چیز کے بارے میں مخلوق اسے **اللہ** تعالیٰ سے بے نیاز نہیں کرسکتی، اس کا نفع ونقصان **اللہ** تعالیٰ کے دستِ قدرت میں ہے اور اس کے سِوا نفع ونقصان کا مالِک کوئی نہیں۔ جس نے **اللہ** تعالیٰ کی ناراضی کے بدلے لوگوں کی رضا چاہی تو **اللہ** تعالیٰ اس سے ناراض ہوجاتا ہے اور لوگ بھی اس سے خوش نہیں رہتے۔ حقیقت یہ ہے کہ مخلوق کی رِضا کا اندازہ نہیں کیا جاسکتا، لہٰذا **اللہ** تعالیٰ کی رِضا حاصل کرنا زیادہ اَوْلیٰ ہے۔ (احیاء علوم الدین، کتاب آداب العزلۃ، الباب الثانی، الفائدۃ السادسۃ، ۳۰۰/۲)

www.dawateislami.net

## بیتُ المال اور مولیٰ مُشکل کُشا كَرَّمَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْكَرِيْم

اَمیرُ الْمُؤمِنِین حضرتِ مولائے کائنات، عَلِیُّ الْمُرتَضٰی، شیرِ خدا كَرَّمَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْكَرِيْم بیتُ المال میں موجود تمام مال مستحقین میں تقسیم فرمادیتے، پھر جھاڑو لگاتے اور دو رکعت نماز ادا فرماتے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس طرح کرنے کی وجہ پوچھی گئی تو فرمایا: ''بروزِ محشر یہ جگہ گواہی دے گی کہ یہاں مال جمع نہیں رکھا گیا اور نہ ہی مال کو مستحقین کے پاس جانے سے روکا گیا۔'' (تاریخِ دمشق، علی بن ابی طالب، ۴۷۸/۴۲)

## مُرشد کی پسند ہماری پسند

﴿1﴾ جو لفظ ہمارے مُرشِدِ کریم کو پسند نہ ہو وہ ہماری زبان پر نہیں آنا چاہیے۔ مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ کتاب ''آدابِ مُرشدِ کامل'' صفحہ 127 پر ہے: مُرید کو چاہیے کہ وہ اپنے **مُرشِد کی طبیعت سے واقف** ہوتا کہ ان کے خلافِ مزاج کوئی کام نہ صادِر ہوجائے۔ بلکہ اپنے آپ کو اُن کاموں میں زیادہ سے زیادہ مشغول رکھے، جن کاموں کو مرشِدِ کامل پسند فرماتے ہوں۔

﴿2﴾ امیرِ اہلِ سنّت دَامَتْ بَرَكَاتُهُمُ الْعَالِيَه یہ پسند فرماتے ہیں کہ جب کسی **حاجی صاحِب** کا تذکرہ کیا جائے تو ان کا نام بھی ساتھ ذکر کیا جائے تاکہ بات سمجھنے میں آسانی ہو مثلاً حاجی حسّان، حاجی بلال وغیرہ۔۔۔

## شہزادۂ عطار ابوہِلال حاجی محمد بلال رضا عطاری المدنی مَدَّظِلُّہٗ کے بیانات اور بیرونِ ملک سفر

﴿3﴾ شہزادۂ عطار حاجی **محمد بلال رضا عطاری المدنی** مَدَّظِلُّهُ الْعَالِی اُن کابینات میں بیان کے لیے وقت عطا فرمائیں گے جو **63 روزہ مدنی تربیتی کورس کا ایک درجہ** (تعداد شرکاء: کم ازکم 63 اسلامی بھائی) تیار کریں، ان اجتماعات کی ذمہ داری رکنِ شوریٰ حاجی محمد فاروق جیلانی عطاری کی ہے۔ بیانات کا جدول بھی یہی بنائیں گے۔

﴿4﴾ حاجی بلال رضا عطاری المدنی کا جس شہر میں بیان ہو، وہاں کے **نگرانِ کابینات و رکنِ شوریٰ** بھی اُس میں شرکت کریں۔

﴿5﴾ شہزادۂ عطار حاجی بلال رضا عطاری المدنی **11 ستمبر 2015ء** سے **تنزانیہ** (بلالی ممالک) **مدنی قافلے** میں سفر فرمائیں گے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ

﴿6﴾ اس موقعے سے بھرپور تنظیمی فوائد حاصل کرنے کے لیے تمام ممالک کے ذِمہ داران بالخصوص قریبی ممالک کے نگرانِ کابینہ و نگرانِ کابینات اپنے یہاں سے **12 ماہ** اور **1 ماہ** (30 دن) کے مدنی قافلے ان کے جدول کے دوران

www.dawateislami.net

سفر کروائیں۔

﴿7﴾ مدنی قافلہ مجلس اس دوران **مدنی انعامات و مدنی قافلہ کورس** اور **مدنی تربیتی کورس** کا بھی اہتمام کرے۔

## مختلف شعبوں میں اَراکینِ شوریٰ کے بیانات

﴿8﴾ اَراکینِ شوریٰ **حاجی عبدالحبیب عطاری، حاجی محمد اظہر عطاری** اور **قاری محمد سلیم عطاری** کے بیانات مختلف شعبہ جات میں ہوں گے، **حاجی وقارُ المدینہ عطاری** اور **حاجی یعفور رضا عطاری** اپنے اپنے شعبہ جات میں بیانات کی تراکیب بنائیں گے۔ اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ

## اپنے حصّے کا کام خود کیجئے

﴿9﴾ ایک اہم ذِمّہ دار کو اس چیز کا **اِدْراک ہونا چاہئے** کہ کون سا کام مجھے کرنا ہے؟ اور کون سا کام دوسروں کے سپرد کرنا ہے۔

﴿10﴾ **بعض کام خود** کرنے ہوتے ہیں بعض کام کسی دُوسرے (مثلاً کارکردگی ذِمہ دار وغیرہ) کو سونپے جاسکتے ہیں۔ جو کام خود کرنے چاہئیں، انہیں دوسروں کے سپرد کرنا نقصان دہ ہوسکتا ہے۔

**حکایت**: ایک بادشاہ کو نمک کی ضرورت ہوئی، وہ خود دربار سے اٹھ کر جانے لگا تو خُدّام نے کہا: جناب! ہم آپ کی خدمت میں پیش کر دیتے ہیں۔ بادشاہ نے کہا کہ مجھے تھوڑا سا نمک درکار ہے اور تم بوریاں بھر کر لے آؤ گے۔

## مدنی مشورے کے مَدَنی پھول

﴿11﴾ ذِمّہ داران جب مدنی مشورہ کریں تو یہ نیت بھی کرلیا کریں کہ **اِسلام وسُنّیت کی خدمت** اور مسلمانوں کو دَرپیش مَسائل کے حل کے لیے غور و فکر کروں گا۔ اس سوچ کی وجہ سے اَخلاقی معیار (Moral) بلند ہوگا اور بہتر فیصلے کرنے میں مدد ملے گی۔ ورنہ سوچ کی کمی کی وجہ سے محدود ہو جانے کا اندیشہ ہے۔

﴿12﴾ ہم کہاں ہیں؟ اور ہمیں کہاں ہونا چاہیے؟ اپنی پوزیشن اور پہنچ (Approach) **کی اہمیت کو سمجھئے**۔

﴿13﴾ ہمیں باقاعدہ **وقت اور پیشگی مدنی پھول** طے کر کے مدنی مشورہ کرنا چاہیے، بے قاعدہ مشورے کا نتیجہ مضبوط نہیں ہوتا۔

﴿14﴾ یہ ہماری سعادت ہوگی کہ ہم **اِسلام وسُنّیت** کی کوئی خدمت کرنے میں کامیاب ہوجائیں۔

## جدول اور مدنی مشورے

﴿15﴾ **پیشگی جدول** اپنے نگران کو ضرور بھیجیں، یہ ہمیں مدنی کاموں کا پابند کرے گا۔

www.dawateislami.net

﴾16﴿ نگرانِ کابینہ، اپنی کابینہ میں **12 مدنی کاموں** پر مکمل توجہ دیں، مدنی کاموں کو مضبوط کرنے کے لیے جدول بنا کر ڈویژن ڈویژن مدنی مشورے کریں اور عملی طور پر مدنی کاموں میں حصہ لیں۔ کابینہ سطح پر شعبوں کو مضبوط کرنے کے لیے 3 فعال اور مضبوط اراکینِ کابینہ (نگرانِ ڈویژن مشاورت کے علاوہ) میں شعبے تقسیم کر دیں، ملتے جلتے شعبوں کو ایک دوسرے کے ساتھ ملا کر ایک ذمہ دار کو دیئے جائیں، یہ اسلامی بھائی، اُن شعبوں کے ماہانہ مدنی مشورے کر کے اسلامی بھائیوں کے تقرر، جدول اور شعبے کی کارکردگی کو مضبوط کریں۔

## نگران کابینہ و3رکنی مجلس کے تحت کابینہ سطح پر شعبہ جات کی تقسیم

| | نگران کابینہ کے تحت شعبہ جات | | رکن مجلس مکی شعبہ جات | | رکن مجلس مدنی شعبہ جات | | رکن مجلس عطاری شعبہ جات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | مجلس مدنی انعامات | 1 | مجلس شعبۂ تعلیم | 1 | مجلس حج وعمرہ | 1 | مجلس مکتبۃ المدینہ |
| 2 | مجلس مدنی قافلہ | 2 | مجلس ڈاکٹرز | 2 | مجلس تاجران برائے گوشت | 2 | مجلس آئمہ مساجد |
| 3 | مجلس مالیات | 3 | مجلس فیضانِ مرشد | 3 | مجلس درسِ فیضانِ سُنّت | 3 | مجلس خدام المساجد |
| 4 | مجلس کارکردگی | 4 | مجلس ویٹرنری ڈاکٹرز | 4 | مجلس عشر واطراف گاؤں | 4 | مجلس تقسیم رسائل |
| 5 | مجلس مدرسۃ المدینہ بالغان | 5 | مدنی چینل رِیلے مجلس | 5 | مجلس مدنی بہاریں | 5 | مجلس لنگرِ رضویہ |
| 6 | مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں | 6 | مجلس رابطہ | 6 | مجلس تجہیز وتکفین | 6 | مجلس حفاظتی امور |
| 7 | مجلس ہفتہ وار اجتماع | 7 | مجلس نشرو اشاعت | 7 | مجلس خصوصی اسلامی بھائی | 7 | مجلس تعویذاتِ عطاریہ |
| 8 | مجلس مدنی عطیات بکس (Box) | 8 | مجلس وکلاء و ججز | 8 | مجلس مزاراتِ اولیاء | 8 | مجلسِ اثاثہ جات |
| | | 9 | مجلس طبّی علاج | 9 | مجلس تاجران | 9 | مجلس اعتکاف |
| | | 10 | مجلس ہومیو پیتھک ڈاکٹرز | 10 | مجلس تحفظِ اوراقِ مقدسہ | 10 | مجلس فیضانِ مدینہ |
| | | 11 | مجلسِ حکیم | 11 | مجلس کورسز | 11 | مجلس اجتماعی قربانی |
| | | 12 | مجلس دار المدینہ | 12 | مجلس اِزدِیادِ حُب | 12 | مجلس تعمیرات |
| | | 13 | مجلس مدنی مذاکرہ | 13 | مجلس ذرائع آمدورفت (ٹرانسپورٹ) | 13 | مجلسِ رابطہ بالعلماء والمشائخ |

نگرانِ کابینہ کی بھرپور توجہ 12 مدنی کاموں کی طرف مبذول کرنے کے لئے دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلس

www.dawateislami.net

شوریٰ کے مدنی مشورے میں یہ طے پایا ہے کہ کابینہ سطح کے شعبہ جات نگرانِ کابینہ کے علاوہ 3 اسلامی بھائیوں میں تقسیم کیئے جائیں۔ (تقسیم کی تفصیل اوپر درج ہے)

کابینہ کے مدنی مشورے میں ڈویژن مشاورت کے نگرانوں کے علاوہ اُن 8 شعبہ جات کے نگران جن کو ڈائریکٹ نگرانِ کابینہ ڈیل کریں گے شرکت کریں گے نیز وہ 3 اسلامی بھائی جن کے سپرد اوپر دی ہوئی تقسیم کے مطابق شعبہ جات کی تقسیم ہوگی، وہ شرکت کریں گے۔

وہ 3 اسلامی بھائی جن کے درمیان مکی، مدنی، عطاری شعبہ جات کی تقسیم ہوگی کابینہ کے مدنی مشورے سے ایک، دو دن قبل اپنے شعبہ جات کے اراکینِ کابینہ کا مدنی مشورہ فرمائیں گے۔ دورانیہ: 2 سے اڑھائی گھنٹے۔ اس مدنی مشورے میں ہر رکنِ کابینہ کی انفرادی کارکردگی اور شعبہ کی اجتماعی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے گا اور آئندہ کے اہداف طے ہوں گے۔

وہ 3 اسلامی بھائی جن کے درمیان شعبہ جات کی تقسیم ہوگی کابینہ کے مدنی مشورے میں اپنے شعبہ جات کی مجموعی کارکردگی لے کر حاضر ہوں گے۔

ان تینوں اسلامی بھائیوں میں سے کسی کو بھی نائب نگرانِ کابینہ نہ کہا جائے۔

نگرانِ کابینہ عندالضرورت 47 شعبہ جات میں سے کسی کا بھی مدنی مشورہ کرسکتے ہیں۔

شعبہ جات کے اراکینِ کابینہ عندالضرورت اپنے ماہانہ مدنی مشورہ کرنے والے ذمہ دار (مکی، مدنی، عطاری) سے رابطہ کریں ضرورتاً نگرانِ کابینہ سے بھی کرسکتے ہیں۔

## نگران کابینات و 4 رکنی مجلس کے تحت کابینات سطح پر شعبہ جات کی تقسیم

**نگران کابینات کے تحت شعبہ جات**: (1) مجلس مدنی انعامات (2) مجلس مدنی قافلہ (3) مجلس مالیات (4) مجلس کارکردگی (5) مجلس مدرسۃ المدینہ بالغان (6) مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں (7) مجلس ہفتہ وار اجتماع (8) مجلس مدنی عطیات بکس (Box) (9) مجلس رابطہ (10) مجلس تاجران (11) مجلس اجارہ (12) شعبہ تعلیم (13) مجلس جامعۃ المدینہ للبنین (14) مجلس جامعۃ المدینہ للبنات (15) مدرسۃ المدینہ (للبنین) (16) مدرسۃ المدینہ (للبنات) (17) مکتبۃ المدینہ (18) مجلس عشر واطراف گاؤں (19) مجلس فیضانِ مدینہ (20) مجلس تعمیرات (21) مجلس فیضانِ مُرشد

www.dawateislami.net

| | رکن مجلس<br>مکی شعبہ جات | | رکن مجلس<br>مدنی شعبہ جات | | رکن مجلس<br>عطاری شعبہ جات |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | مجلس اثاثہ جات | 1 | مجلس ذرائع آمدورفت (ٹرانسپورٹ) | 1 | مجلس مزاراتِ اولیاء |
| 2 | مجلس ڈاکٹرز | 2 | مجلس اصلاح برائے فنکار | 2 | مجلس رابطہ بالعلماء والمشائخ |
| 3 | مجلس ویٹرنری ڈاکٹرز | 3 | مجلس خصوصی اسلامی بھائی | 3 | مجلس آئمہ مساجد |
| 4 | مجلس حکیم | 4 | اصلاح برائے قیدیان | 4 | مجلس خدام المساجد |
| 5 | مجلس ہومیوپیتھک ڈاکٹرز | 5 | مجلس تحفظ اوراقِ مقدسہ | 5 | مجلس درسِ فیضانِ سُنّت |
| 6 | مجلس طبّی علاج | 6 | مجلس ازدیادِ حُب | 6 | مجلس تجہیز وتکفین |
| 7 | مجلس دارالمدینہ | 7 | مجلس اجتماعی قربانی | 7 | مجلس کورسز |
| 8 | مدنی چینل ریلے مجلس | 8 | اصلاح برائے کھلاڑیان | 8 | مجلس امامت کورس |
| 9 | مجلس مدنی مذاکرہ | 9 | مجلس مدنی بہاریں | 9 | مجلس مدرسۃ المدینہ (کورسز) |
| 10 | مجلس تاجران برائے گوشت | 10 | مجلس لنگرِ رضویہ | 10 | مجلس مدرسۃ المدینہ (آن لائن) |
| 11 | مجلس وکلاء وججز | 11 | مجلس تعویذاتِ عطاریہ | 11 | مجلس مدرسۃ المدینہ (رہائشی) |
| 12 | مجلس حفاظتی امور | 12 | مجلس اعتکاف | 12 | مجلس مدرسۃ المدینہ (جُز وقتی) |
| 13 | مجلس نشرواشاعت | 13 | مجلس تقسیمِ رسائل | 13 | مجلس المدینہ لائبریری |
| | | | | 14 | مجلس حج وعمرہ |

﴿17﴾ نگرانِ کابینات، کمزور مدنی کام والی کابینہ کے نگران کو فعّال مدنی کاموں والی کابینہ کے ماہانہ مدنی مشورے میں اپنے ساتھ شامل کریں، اس سے ان کو جذبہ بھی ملے گا اور **مدنی کاموں کو مضبوط** کرنے کے طریقوں سے بھی آگاہی ہوگی۔

﴿18﴾ شعبہ جات کے مدنی پھولوں میں مدنی مشوروں کی جو تاریخیں طے ہیں، ان کے مطابق **مدنی مشورے** کریں، مدنی کام کو مضبوط کرنے کا ایک ذریعہ بروقت اور پابندی سے طے شدہ طریقِ کار کے مطابق مدنی مشورہ کرنا بھی ہے۔

﴿19﴾ نگران اپنے ماتحت اسلامی بھائیوں کے **حوصلے بلند** کرنے کے لیے ہوتا ہے۔

## مدنی مشورے کی اجازت کے مدنی پھول

www.dawateislami.net

﴿20﴾ جس ذمہ دار کا جس سطح پر جا کر مدنی مشورہ کرنا طے ہے، اگر متعلقہ ذمہ داران کو بُلانا ہے تو مجلسِ مالیات طلب کرنے پر اس کے **سفری اخراجات** کی ادائیگی کرے گی جو کہ طے شدہ ہے۔

﴿21﴾ جس شعبہ ذِمہ دار کا **ڈویژن، ڈویژن** جانا طے ہے، وہ اگر تمام ذمہ داران کو کابینہ میں جمع کرے گا، تو اس کے لئے متعلقہ نگرانِ کابینہ اور کابینات شعبہ ذمہ دار سے پیشگی تحریری اجازت لینا ضروری ہے۔

﴿22﴾ جس شعبہ ذِمہ دار کا **کابینہ، کابینہ** جانا طے ہے، اگر وہ تمام ذمہ داران کو کابینات سطح پر جمع کرے گا، تو اس کے لئے متعلقہ نگرانِ کابینات اور پاکستان سطح کے شعبہ ذمہ دار سے پیشگی تحریری اجازت لینا ضروری ہے۔

﴿23﴾ جس شعبہ ذمہ دار کا **کابینات، کابینات** جانا طے ہے، وہ اگر تمام ذمہ داران کا پاکستان سطح پر مدنی مشورہ یا تربیتی اجتماع کرے، تو اس کے لئے متعلقہ رکنِ شوریٰ و نگرانِ پاکستان انتظامی کابینہ سے تحریری اجازت لینا ضروری ہے۔

**طے شدہ مدنی پھول**: شعبہ جات کے نگرانِ مجالس (پاکستان) یا متعلقہ رکنِ شوریٰ، پاکستان سطح کی مجلس کا ہر ماہ **مدنی مشورہ** فرمائیں، ایک ماہ **بذریعہ انٹرنیٹ** اور ایک ماہ **بالمشافہ**۔

## مدنی مشورے کا مقام

مدنی مشورے کے مقام کے حوالے سے یہ طے ہے کہ تمام شرکاء کے لئے، وہ مقام طے کیا جائے، جو حتی الامکان سب کے لئے **درمیان میں ہو**، بعض ذمہ داران اپنے شہر میں، دوسرے شہروں سے ذمہ داران کو بُلوا کر ان کا مدنی مشورہ رکھ لیتے ہیں، اس طرح بعض کو آزمائش بھی ہوتی ہے، ایسا کرنے کی بجائے متعلقہ ذمہ داران کے لئے درمیان والا اور سہولت والا مقام ہی رکھا جائے تاکہ کرائے اور وقت کی بچت کی جا سکے اور مدنی مشورے میں آنے والوں کو آزمائش بھی کم سے کم ہو۔ مثلاً پاکستان کے تمام ذمہ داران کو ایک جگہ جمع کرنا ہے تو اجازت کے بعد **مدینۃُ الاولیاء** (ملتان) میں مدنی مشورہ یا تربیتی اجتماع کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہ پاکستان کا تقریباً وسط (Center) ہے، اس طرح کابینات سطح پر کرنا ہو تو کابینات کا درمیانی مقام (Center) منتخب کیا جائے (عموماً جہاں کابینات کا مدنی مرکز / مکتب ہوتا ہے) اور اس کی اجازت نامہ میں وضاحت بھی کی جائے۔ (کابینہ و ڈویژن سطح کے مدنی مشوروں کا مقام بھی فِکس (Fix) کر لیا جائے اور وہاں وہ ضروری سہولیات بھی ہوں، جن سے آنے والوں کو نا صرف آسانی ہو بلکہ وہاں پر نیٹ وغیرہ کی سہولت بھی ہو تا کہ ضرورتاً اجتماعی مدنی مشوروں کی ترکیب بھی کی جا سکے)

## ذمّہ داران اور کورسز

﴿24﴾ جن شعبہ جات میں کورسز کی ترکیب ہے، وہ **کورس کروانے والوں** کے لیے بھی کورس تیار کریں، ہمارا ہر کورس

www.dawateislami.net

کروانے والا، یہ کورس ضرور کرے۔ (کورس کروانے والے کو متعلقہ رکنِ شوریٰ کی اجازت سے اجیر بھی رکھا جاسکتا ہے، تربیتی کورس کے لئے جو بنیادی مدنی پھول ہے، وہ ان کورسز کے اہداف ہیں کہ آپ ان کورس کرنے والوں سے کیا حاصل کرنا چاہتے ہیں، ان اہداف کو کس طرح حاصل کیا جائے گا نیز کورس کروانے والوں کا نصاب بنایا جائے کہ روزانہ، کس وقت، کیا پڑھایا جائے گا؟ اور کس طرح پڑھایا جائے گا؟ صرف پڑھانا ہی نہیں بلکہ دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں کے لئے ذہن سازی بھی ضروری ہے، کورس کروانے والے عملاً اپنی اچھی صحبت سے بھی نوازیں، پھر وقتاً فوقتاً کورس کرنے والوں کے ٹیسٹ کی ترکیب بھی ہو۔ دورانِ کورس اہم تنظیمی ذمہ داران مثلاً نگرانِ کابینہ و نگرانِ کابینات و اراکینِ شوری کی حاضریاں بھی ہونی چاہئیں۔

﴿25﴾ تمام اَہَم شعبہ جات (متعلقہ رکنِ شوریٰ کی اجازت سے) اپنی **مجلسِ کورسز** بنائیں، جو 12 ماہ میں کم از کم 6 کورس کروائے اور اس میں شخصیات کی بھی شرکت کروائی جائے۔ مجلس کورسز تمام کورسز میں کورس کے دِنوں اور وقت کا تعین خود کرے۔

## مَدَنی مُذاکرے میں شرکت

﴿26﴾ تمام دعوتِ اسلامی والے **مدنی مذاکرے میں ضرور شرکت** کیا کریں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس میں مدنی تربیت بھی ہوتی اور مختلف مدنی کاموں کے لیے، ترغیب و ذہن سازی (Motivation & Brainwashing) بھی کی جاتی ہے۔

﴿27﴾ تمام ذمہ داران ہفتہ وار مدنی مذاکرے میں **اوّل تا آخر شرکت** کریں،

﴿28﴾ ماہِ رمضان میں **محمدی کابینات** (کشمیر) میں مدنی مذاکروں میں شرکاء کی تعداد سب سے زیادہ رہی۔

﴿29﴾ **مدنی چینل کی OB Van** مدنی مذاکرہ اجتماع کے لیے جس شہر جائے، اُس میں شرکاء کی اچھی خاصی تعداد ہو۔ (شرکاء کا ہدف: فی ذیلی حلقہ 12 اسلامی بھائی)

﴿30﴾ بشمول مرکزی مجلسِ شوریٰ، تمام ذمہ دارانِ دعوتِ اسلامی مدنی چینل کا سلسلہ ''**دعوتِ اسلامی کی مدنی خبریں**'' ضرور دیکھا کریں۔

## مدنی عطیات مُہم (Telethon)

﴿31﴾ یکم مُحَرَّمُ الْحَرَام ١٤٣٧ھ کو مدنی چینل پر ''**دارُ المدینہ**'' کے لیے **مدنی عطیات مہم** (Telethon) کی ترکیب ہوگی۔ **15 ہزار روپے کا ایک یونٹ** ہوگا، کیونکہ ایک طالبعلم (Student) کی 6 ماہ کی فیس تقریباً اتنی ہی بنتی ہے۔

www.dawateislami.net

﴿32﴾ اس مدنی عطیات مہم (Telethon) میں ایسی **شخصیات** کو بالخصوص شامل کریں، جو تعلیمی معاملات میں خرچ کرنے کا ذہن رکھتے ہیں۔ ان کے ساتھ بیٹھ کر نیتیں لکھوائی جائیں اور بعد میں مسلسل رابطہ رکھا جائے تا کہ ان کی نیتوں کے مطابق مدنی عطیات کی وصولی کی جاسکے۔

﴿33﴾ دارالمدینہ کی اس مدنی عطیات مہم (Telethon) کو بذریعہ مدنی چینل حتی الامکان ہر دارالمدینہ میں اجتماعی طور پر دِکھانے کی ترکیب کی جائے، اس سے مقامی شخصیات، والدو سرپرست صاحبان کا پہنچنا آسان ہوگا۔

﴿34﴾ ذُوالْحِجَّةُ الْحَرَام کے آخری عشرے میں دارُالمدینہ کے تمام مدنی مُنّوں اور مدنی مُنّیوں کے ذریعے والدین و سرپرست صاحبان کو اس مدنی عطیات مہم کی تحریری دعوت دینے کی بھی ترکیب کی جائے۔

﴿35﴾ ذُوالْحِجَّةُ الْحَرَام کے آخری ہفتہ وار اجتماع میں بھی اس مدنی عطیات مہم (Telethon) کے اعلان کی ترکیب کی جائے، نیز ذِمہ دارانِ دعوتِ اسلامی کو بالخصوص ترغیب دِلائی جائے کہ اس کے لیے بھرپور کوشش کریں۔

﴿36﴾ پاکستان کے 20 بڑے شہروں میں اراکینِ شوریٰ کا جدول بنایا جائے۔ مثلاً مرکز الاولیا لاہور میں 8 مقامات پر شخصیات کو جمع کریں اور رکنِ شوریٰ ہر مقام پر باری باری تشریف لے جائیں۔

## یُونٹس (Units) کے اھداف (مدنی عطیات مہم)

| | | | |
|---|---|---|---|
| مجلس تعویذاتِ عطاریہ | 110 یونٹ | مجلس نشر واشاعت | 512 یونٹ |
| جامعۃ المدینہ للبنات | 700 یونٹ | مدرسۃ المدینہ جز وقتی | 313 یونٹ |
| مدرسۃ المدینہ بالغان | 512 یونٹ | مدرسۃ المدینہ للبنین | 786 یونٹ |
| مزاراتِ اولیاء | 313 یونٹ | مدرسۃ المدینہ للبنات | 512 یونٹ |
| مجلس فیضانِ مرشد | 313 یونٹ | مجلسِ اجارہ | 112 یونٹ |
| مدنی انعامات | 112 یونٹ | مجلس رابطہ | 112 یونٹ |
| مدنی قافلہ | 112 یونٹ | مجلس اصلاح برائے کھلاڑیان | 112 یونٹ |
| شعبۂ تعلیم | 112 یونٹ | جامعۃ المدینہ (للبنین) | 786 یونٹ |
| مکتبۃ المدینہ | 112 یونٹ | مجلس حج وعمرہ | 112 یونٹ |
| مدنی کام برائے اسلامی بہنیں | 786 یونٹ | مجلس اصلاح برائے قیدیان | 112 یونٹ |
| مجلس رابطہ بالعلماء والمشائخ | 112 یونٹ | حفاظتی امور | 112 یونٹ |

www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| عشرواطراف گاؤں | 526 یونٹ | مجلسِ اثاثہ جات | 112 یونٹ |
| خدام المساجد | 112 یونٹ | مجلس مالیات | 786 یونٹ |
| مدنی عطیات بکس (Box) | 526 یونٹ | مجلس وکلاء و ججز | 112 یونٹ |
| مجلس مدنی بہاریں | 112 یونٹ | مجلس تاجران | 786 یونٹ |
| مجلس تقسیمِ رسائل | 112 یونٹ | مجلس دارالمدینہ | 786 یونٹ |
| خصوصی اسلامی بھائی | 112 یونٹ | ذرائع آمدورفت (ٹرانسپورٹ) | 112 یونٹ |
| مدنی چینل رِیلے مجلس | 112 یونٹ | مجلس کورسز | 112 یونٹ |
| مجلس فیضانِ مدینہ | 526 یونٹ | مجلس کارکردگی | 112 یونٹ |
| مدرسۃ المدینہ (کورسز) | 112 یونٹ | مجلس ڈاکٹرز | 313 یونٹ |
| مجلس طبّی علاج | 112 یونٹ | مجلس ہومیو پیتھک ڈاکٹرز | 112 یونٹ |
| مدرسۃ المدینہ (رہائشی) | 526 یونٹ | مجلس حکیم | 112 یونٹ |
| مجلس آئمہ مساجد | 313 یونٹ | مجلس ویٹرنری ڈاکٹرز | 112 یونٹ |
| مجلس ہفتہ وار اجتماع | 313 یونٹ | مجلس تعمیرات | 112 یونٹ |
| مجلس لنگرِ رضویہ | 112 یونٹ | مجلس تاجران برائے گوشت | 313 یونٹ |
| مجلس اصلاح برائے فنکار | 112 یونٹ | مجلس امامت کورس | 112 یونٹ |
| مجلس تحفظ اوراقِ مقدسہ | 112 یونٹ | مجلس تجہیز و تکفین | 112 یونٹ |
| المدینہ لائبریری | 112 یونٹ | مجلس اعتکاف | 112 یونٹ |
| مجلس درسِ فیضانِ سنت | 112 یونٹ | مجلس اجتماعی قربانی | 112 یونٹ |
| مدرسۃ المدینہ (آن لائن) | 786 یونٹ | مجلس ازدیادِ حب | 112 یونٹ |
| مجلس ہفتہ وار مدنی مذاکرہ | 112 یونٹ | مجلس آئی ٹی | 226 یونٹ |
| مجلس دارالمدینہ کالج یونیورسٹی | 112 یونٹ | مجلس مدنی کورس | 112 یونٹ |
| مدنی تربیت گاہیں | 112 یونٹ | | |

www.dawateislami.net

# مضبوط نظام اور اصولوں پر عمل کیجئے

﴿37﴾ **نظام** (سسٹم) **کو مضبوط کیجئے**، اپنے ماتحتوں سے اس کے مطابق کام لیجئے، ان کو اپنے مزاج کے مطابق نہیں نظام کے مطابق چلایئے۔

﴿38﴾ مدنی مراکز ''فیضانِ مدینہ'' کے نظام میں مزید بہتری و مضبوطی لانے کے لیے **مجلس فیضانِ مدینہ** کے طے شدہ مدنی پھولوں کے مطابق ازسرِنو 100% نفاذ کی بھرپور کوشش کی جائے۔

﴿39﴾ رکنِ شوریٰ **حاجی محمد امین عطاری**، عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ (باب المدینہ کراچی) کا نظام تحریر کر کے نگران شوریٰ کو پیش کریں گے۔ **ہدف: 7 دن**

﴿40﴾ جو تحریک **اُصولوں** پر جمی رہتی ہے، وہی کامیاب ہوتی ہے۔

﴿41﴾ ذمہ داری ہمیشہ **قربانی** مانگتی ہے۔

﴿42﴾ بشمول مرکزی مجلسِ شوریٰ تمام ذمہ داروں کی بنیادی ذمہ داری یہ ہے کہ **مدنی تحریک کے مدنی اُصولوں** پر خود بھی عمل کریں اور انہیں نافذ کر کے دُوسروں سے بھی عمل کروائیں۔

# مدنی کاموں کی ترقی

﴿43﴾ ہماری ترقی کا انحصار دعوتِ اسلامی کے **مدنی کاموں کی ترقی** پر ہے۔ مدنی کاموں کا چمکتا سورج ہمیں چمکاتا ہے۔

﴿44﴾ ذیلی حلقے کے **12 مدنی کام** جتنے مضبوط ہوں گے، دعوتِ اسلامی اتنی ہی مضبوط ہوتی چلی جائے گی۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

﴿45﴾ **مسجد درس**، دعوتِ اسلامی کا بنیادی اور اہم ترین مدنی کام ہے۔

﴿46﴾ نگرانِ کابینہ و نگرانِ ڈویژن مشاورت، کارکردگی کا **علاقہ وائز** تقابلی جائزہ لیں، جس علاقے میں مدنی کام کی تنزلی ہو تو اس علاقے میں خود جا کر یا کسی اہم ذمہ دار کو بھیج کر مدنی مشورے کی ترکیب بنائیں اور فوراً اس کمزوری کو دور کرنے کی کوشش کریں۔

﴿47﴾ ہر ایک کو کوئی نہ کوئی **ذِمہ داری** دی جائے، نگرانِ مجلس نہیں بنایا جا سکتا تو رکنِ مجلس بنا دیا جائے تاکہ وہ مدنی ماحول سے وابستہ رہنے کے ساتھ ساتھ اِستقامت کے ساتھ مدنی کام کرتا رہے اور مدنی کام ترقی کی طرف بڑھتا جائے۔

www.dawateislami.net

﴿48﴾ تمام ذمہ داران ذیلی حلقے کے 12 مدنی کاموں میں **عملی طور پر** حصہ لیں۔

## مدنی اور مدینہ ہماری گفتگو سے نہ نکلے (مدنی مذاکرہ ۲۸ ذیقعدہ ۱۴۳۶ھ، 12 ستمبر 2015ء)

| غلط | دُرست | غلط | دُرست | غلط | دُرست |
|---|---|---|---|---|---|
| قافلہ | مدنی قافلہ | ماحول | مدنی ماحول | حُلیہ | مدنی حُلیہ |
| انعامات | مدنی انعامات | کام | مدنی کام | تربیتی کورس | مدنی تربیتی کورس |
| 12 روزہ کورس | 12 روزہ مدنی کورس | جامعہ | جامعۃ المدینہ | مدرسہ | مدرسۃ المدینہ |
| علمیہ | المدینۃ العلمیہ | مکتبہ | مکتبۃ المدینہ | گلدستہ | مدنی گلدستہ |
| مُنّا | مدنی مُنّا | مُنّی | مدنی مُنّی | مشورہ | مدنی مشورہ |
| چینل | مدنی چینل | پیڈ | مدنی پیڈ | تربیت | مدنی تربیت |
| تربیت گاہ | مدنی تربیت گاہ | مدرسہ بالغان | مدرسۃ المدینہ برائے بالغان | مدرسہ آن لائن | مدرسۃ المدینہ آن لائن |
| مذاکرہ | مدنی مذاکرہ | | | | |

## مسائل کا حل ضروری ہے

﴿49﴾ ترقیاتی مدنی کاموں کے ساتھ ساتھ **مسائل کا حل بھی** ضروری ہے تاکہ مدنی کاموں میں ترقی بھی ہو اور پہلے سے جاری مدنی کام بھی مضبوط رہیں۔ ترقیاتی کاموں اور مسائل کے حل میں توازن برقرار رکھنا ضروری ہے۔

﴿50﴾ اگر ہم تنظیمی مسائل حل نہیں کریں گے تو یہ ہمارے پاس آنے کے بجائے ہمارے نگران کے پاس چلے جائیں گے اور یوں **تنظیمی تقسیم کا مقصد** فوت ہوگا۔

﴿51﴾ اگر کوئی مسئلہ خود سے کَمَا حَقُّہٗ حل نہ ہو سکے، تو **متعلقہ نگرانِ مشاورت** سے ہاتھوں ہاتھ رابطہ کر کے اس کا حل لینے کی کوشش کی جائے تاکہ کوئی تنظیمی نقصان نہ ہو۔

www.dawateislami.net

﴿52﴾ ذمہ داران کے علم وعمل میں اضافے اور مسائل کو کم کرنے کے لیے **تربیتی اجتماعات** منعقد کرنا مفید ہے۔

(متعلقہ رکنِ شوریٰ کی اجازت ضروری ہے)

﴿53﴾ نگرانِ کابینہ و نگرانِ کابینات و اراکینِ شوریٰ کو ہر مسئلے میں براہِ راست (Direct) ہونا ضروری نہیں، جہاں **مجلس** کے ذریعے سے مسائل کا حل ہو سکے تو اہل اسلامی بھائیوں پر **مشتمل مجلس** بنا کر مسائل کو حل کیا جائے۔

﴿54﴾ جب کوئی آپ کے پاس مسئلہ لے کر آئے تو اس کا مسئلہ **فوراً حل** کرنے کی کوشش کریں ورنہ بدگمانیوں، تہمتوں وغیرہ کا بازار گرم ہونے کا اندیشہ ہے۔

﴿55﴾ **بے جا اور فضول بہانے** کرنے سے بچئے، کہ اس طرح بہانہ کرنے والے کا گناہِ کبیرہ (جھوٹ) سے بچنا مشکل ہوتا ہے۔

## رابطے میں رہئے

﴿56﴾ نگران اسلامی بھائی، اپنے ماتحت اسلامی بھائیوں سے **رابطہ مضبوط** رکھیں۔

﴿57﴾ بہت **مدنی** کام کرنے والا ذمہ دار اس وقت ناکام (Flop) ہوتا ہے، یا اُسے **تنظیمی زوال** آتا ہے، جب وہ اپنے نگرانوں اور ماتحت اسلامی بھائیوں سے رابطے میں نہیں رہتا، **مدنی** کاموں میں فَعَّال رہنے، ذمہ داری کو بحسن وخوبی سرانجام دینے کے لیے رابطے میں رہنا بنیادی باتوں میں سے ہے۔

﴿58﴾ اگر آپ ایسے علاقے میں جائیں جہاں موبائل نیٹ ورک نہ ہو، جس سے **رابطے میں دُشواری** ہو تو جانے سے پہلے اہم ذمہ داران کو اس سے آگاہ کر دیں۔

## شرعی و تنظیمی اَغلاط سے بچ کر مدنی کام کیجئے

﴿59﴾ جو کام کرنا ہو، اس کے تمام پہلوؤں کے بارے میں غور وفکر کریں تاکہ **شرعی و تنظیمی اغلاط** سے بچ کر مدنی کام کر سکیں۔

﴿60﴾ اپنی یا اپنے ماتحت کی پہلی غلطی ہی کا **سدِّ باب** کیا جائے ورنہ کئی غلطیاں ہو سکتی ہیں۔

﴿61﴾ ہم دعوتِ اسلامی کے لیے کوئی بھی کام کریں تو اس کا مقصد **حصولِ ثواب** ہونا چاہئے۔ ثواب کے لیے اس کام کا کارِ ثواب ہونا ضروری ہے۔

﴿62﴾ پیرِ کامل کے فیضان سے یہ بھی ہے کہ مُرید **مُحتاط فِی الدِّین** (دین کے مُعاملے میں حساس اور احتیاط کا ذہن رکھنے والا) ہو جاتا ہے۔ لہٰذا خود اپنی عادات کو دیکھتے رہیں کہ آپ کس قدر دینی احکام کا لحاظ رکھتے ہیں اور حلال وحرام سے **متعلق**

www.dawateislami.net

سوچتے ہیں یا نہیں۔

63 دعوتِ اسلامی کا بنیادی اصول یہی ہے کہ ہر کام **شریعت کے مطابق** ہو۔

64 **تنظیمی اُصولوں** پر ڈٹے رہیے، ہم میں سے کسی کو بھی اُصولوں سے نہیں ہٹنا چاہیے۔

65 کسی کو ذِمہ داری دینے سے پہلے یہ ضرور غور کرلیں کہ کیا وہ **شریعت کے مطابق عمل** کی کوشش کرتا ہے؟۔

66 بڑی سطح کے اسلامی بھائیوں کی ایک اہم ذِمہ داری، **شرعی رہنمائی** لے کر کسی بھی مدنی کام کو تنظیمی طریقِ کار کے مطابق نافذ کرنا بھی ہے۔

67 بڑی سطح کا ذمہ دار مضبوط ہوتا ہے اور **جلد نہ گھبرانے والا** ہونا چاہیے۔

## شعبے کیسے مضبوط ہوں گے؟

68 جب تک نگران اسلامی بھائی، **شعبوں کے مُعاون** نہیں بنیں گے، شعبے مضبوط نہیں ہوسکتے۔

69 پاکستان سطح کے شعبہ ذمہ داران **پاکستان بھر کا جدول** ضرور بنائیں اور اپنی مجالس کے اسلامی بھائیوں کی مدنی تربیت کریں تاکہ وہ تنظیمی لحاظ سے مضبوط اور مدنی کاموں میں مصروف وفعّال ہوسکیں۔

70 نگرانوں سے اپنے شعبے کے لیے اسلامی بھائی مانگنا آسان ہے، لیکن جن اسلامی بھائیوں کا تقرر ہوچکا ہے، ان سے **کام لینا مشکل** ہے۔

71 **قابل** اور **اہل اَفراد** کی تلاش کرنا مشکل ترین کام ہے۔ اگر کوئی نگرانِ مجلس یہ کام نہیں کرسکتا تو وہ اپنے شعبے کا کام بھی نہیں کر پائے گا۔

## کڑی نظر رکھئے

72 ذِمہ داران وقتاً فوقتاً **مدنی مراکز، مدارسُ المدینہ** اور **جامعاتُ المدینہ** وغیرہ کو دن بلکہ رات میں بھی **تفتیشی نظر** سے دیکھا کریں، جو کمزوریاں نظر آئیں تو شرعی رہنمائی لے کر احسن انداز سے حکمِ شرعی و تنظیمی طریقِ کار نافذ کریں۔

## ماہِ رمضان کا اعتکاف

73 جن اسلامی بھائیوں کو اعتکاف (رمضان ۱۴۳۷ھ) میں اعتکاف نگران وغیرہ بنانا ہے، نگرانِ کابینہ ان کا مکمل ریکارڈ بنا کر **پاکستان انتظامی کابینہ مکتب** میں میل کریں۔ **ہدف: 41 دن**

74 **تمام ذمہ داران کو اعتکاف** (پورا ماہِ رمضان/آخری عشرہ) کروانے کی کوشش کریں۔

www.dawateislami.net

﴿75﴾ رکنِ شوریٰ و نگرانِ مجلس اعتکاف (پاکستان)، اعتکاف والی مساجد کی تعمیرات، پورا سال تنظیمی ذمہ داران، جامعۃ المدینہ کے اساتذہ، بڑے درجوں کے طلبہ کے **مدنی مشورے** کریں اور اعتکاف کے فضائل بتا کر اعتکاف کی ترغیب دلائیں اور اعتکاف میں حلقہ نگران یا اعتکاف نگران ابھی سے مقرر کر دیں۔

﴿76﴾ جو اعتکاف کے لیے تیار ہوں اور بالخصوص جن کو اعتکاف میں حلقے یا علاقے کی ذِمہ داری دینی ہو، ان کے **تربیتی اجتماعات** منعقد کئے جائیں کیونکہ جو خود تربیت یافتہ نہ ہوں تو وہ لوگوں کی تربیت کیسے کر سکیں گے؟۔

﴿77﴾ دعوتِ اسلامی کے تحت ہونے والے اعتکاف میں **علم و عمل سیکھنے سکھانے** کا اہم موقع ہوتا ہے۔ تمام ذمہ داران ضرور اعتکاف کریں اور اپنی صحبت سے اسلامی بھائیوں کو نوازیں۔

﴿78﴾ بلا شبہ دعوتِ اسلامی کے تحت ہونے والے تربیتی اعتکاف سے اسلام و سُنّیت کے **کئی فوائد** حاصل ہوتے ہیں۔

﴿79﴾ مجلس اعتکاف، تمام مقامات پر ہونے والے اعتکاف (رمضان ۱۴۳۶ھ) میں **لنگرِ رضویہ** کے حساب و کتاب اور دیگر معاملات اِفتاء مکتب میں پیش کرے اور وہاں سے ملنے والی **شرعی رہنمائی** پر عمل کی ترکیب کرے۔

﴿80﴾ مجلس اعتکاف، سارا سال کوشش کر کے 1 لاکھ 12 ہزار معتکفین اور **2200** ایسے **تربیت یافتہ مبلغین** تیار کرے جو خود اعتکاف کر کے معتکفین کی تربیت کریں۔

## اجیروں کے معاملات

﴿81﴾ اجیروں کے معاملات، **جدول اور کارکردگی** کو دیکھنا، ذمہ داران کی اہم ذمہ داری ہے۔

﴿82﴾ **نگرانِ مجلسِ اجارہ** (پاکستان) سید محمد اسد عطاری وقف اور پاکستان سطح کے اجیر اسلامی بھائیوں کے جدول اور کارکردگیوں کی تفتیش کے لیے پاکستان انتظامی کابینہ مکتب میں نگرانِ پاکستان انتظامی کابینہ کی معاونت کے لیے تشریف لے جائیں۔ **نگرانِ پاکستان انتظامی کابینہ** ہاتھوں ہاتھ اس اہم ترین مدنی کام کی خود نگرانی کریں۔

﴿83﴾ **وقف کا مال** جس کا حق بنتا ہے اس کو ملنا چاہیے اور جس کا حق نہیں، اسے ہرگز نہ دیا جائے۔

## مجلس آئمۂ مساجد

﴿84﴾ **پوش علاقوں** اور اہم سوسائٹیز کی مساجد میں ائمہ مساجد کے تقرر کے لیے مجلس بنائی جائے گی، جو مساجد کی تعمیرات وغیرہ پر نظر رکھنے کے ساتھ ساتھ مختلف شعبہ جات مثلاً جامعۃ المدینہ، دار المدینہ، مدرسۃ المدینہ وغیرہ سے مطلوبہ شرائط کے حامل آئمہ کرام کی تلاش کرے گی۔ (رکنِ شوریٰ حاجی یعفور رضا عطاری، نگرانِ شوریٰ کی مشاورت سے یہ کام کریں گے)

www.dawateislami.net

﴿85﴾ مجلس جامعۃ المدینہ کا ہدف ہے کہ موجودہ دورۂ حدیث سے دینی و دنیاوی علوم سے آراستہ **150 آئمہ مساجد** تیار کرے گی۔ **اِنْ شَآءَ اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس مدنی کام کی کارکردگی ہر ماہ رکنِ شوریٰ حاجی حافظ اسد عطاری المدنی، نگرانِ شوریٰ اور نگرانِ پاکستان انتظامی کابینہ کو پیش کریں گے۔

﴿86﴾ مدینۃ الاولیاء (ملتان) میں رکنِ شوریٰ **قاری محمد سلیم عطاری**، **''فیضانِ تجوید و قرأت کورس''** کروائیں گے، جس میں کورس کی شرائط کے حامل مخصوص اسلامی بھائیوں کو داخلہ دیا جائے گا۔ اس میں بیان اور دعوتِ اسلامی کے مدنی کام کرنے کے طریقے بھی سکھائے جائیں، کورس کرنے والوں کو جیب خرچ بھی پیش کیا جائے گا، یہ کورس کتنے دنوں میں ہو؟ شرائط کیا ہوں؟ یہ رکنِ شوریٰ خود طے کریں۔ (اس کی کارکردگی رکنِ شوریٰ قاری محمد سلیم عطاری، نگرانِ شوریٰ اور نگرانِ پاکستان انتظامی کابینہ کو 19 دن میں پیش کریں گے)

﴿87﴾ یہ حقیقت ہے کہ منبر و محراب سے **دینِ اسلام** کی بہت خدمت ہوسکتی ہے۔

## جامعۃ المدینہ (للبنین)

﴿88﴾ جامعۃ المدینہ (للبنین) کے درجہ اُولیٰ پر بھرپور توجہ دی جائے، **اراکینِ شوریٰ** ہفتے میں کم از کم ایک دن 25 منٹ کا بیان، ایک دن **دارالافتاء اہلسنّت** کے مدنی اسلامی بھائی اور ایک دن **دورۂ حدیث کے استاد صاحب** بیان فرمایا کریں تاکہ ان کا دل جامعۃ المدینہ میں لگ جائے اور ابھی سے ان کی بہترین تنظیمی تربیت ہوسکے۔ (جامعۃ المدینہ کے ہفتہ وار تربیتی اجتماع (حَافِلَہ) میں بھی ان بیانات کی ترکیب کی جاسکتی ہے)۔

﴿89﴾ دورۂ حدیث کی ابتداء میں تدریسی ٹیسٹ لے کر اہل طلبہ کا درجہ بنایا جائے اور روزانہ کچھ دیر **تدریسی کورس** کا کچھ حصہ پڑھایا جائے۔

﴿90﴾ **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس سال (۱۴۳۶ھ) پاکستان میں جامعۃ المدینہ للبنات میں **دورۂ حدیث** کرنے والی طالبات کی تعداد **715** اور جامعۃ المدینہ للبنین میں طلبہ کی تعداد **359** ہے۔

## مجلس خود کفالت

﴿91﴾ **مجلس خود کفالت** کی ذمہ داری رکنِ شوریٰ حاجی محمد فاروق جیلانی عطاری کو دی گئی۔

﴿92﴾ خود کفالت کے لیے **تربیتی اجتماع** کی ترکیب بنائی جائے۔

﴿93﴾ شرعی، تنظیمی اور اخلاقی **مدنی پھول** مرتب کیے جائیں۔ (مجلس مدرسۃ المدینہ نے خود کفالت کے مدنی پھول بنائے ہیں، ان سے استفادہ کیا جاسکتا ہے)

www.dawateislami.net

## مدنی قافلے

﴿94﴾ مدنی قافلوں میں **جدول کی پابندی** کی طرف توجہ دی جائے اور امیرِ قافلہ کی مدنی تربیت کی جائے۔

﴿95﴾ **12 ماہ کے مدنی قافلے** سفر کروانے کے لیے یکم محرم الحرام (۱۴۳۷ھ) کی تاریخ طے ہوئی۔ نگرانِ کابینہ و نگرانِ کابینات و نگرانِ مجلس (پاکستان) اور اراکینِ شوریٰ بالخصوص اور بالعموم تمام اسلامی بھائی زِیادہ سے زیادہ اسلامی بھائیوں کو ترغیب دِلائیں اور اس تاریخ پر اسلامی بھائیوں کو عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ (باب المدینہ کراچی) بھیجیں۔ **ہدف: فی کابینہ وفی شعبہ: کم ازکم 12 اسلامی بھائی**

﴿96﴾ یکم مُحَرَّمُ الْحَرَام (۱۴۳۷ھ) کو 12 ماہ کا سفر کرنے والے خوش نصیب عاشقانِ رسول کو اوّلاً 10 دن (یکم تا 10 محرم) امیرِ اہلِ سنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے مدنی مذاکروں میں شرکت کی سعادت بھی حاصل ہوگی۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

## مجلس فیضانِ مدینہ

﴿97﴾ **مدنی مراکز** (فیضانِ مدینہ) کے لیے شہروں اور رقبے کے لحاظ سے مختلف نقشے بنائے جائیں۔ مجلس فیضانِ مدینہ، یہ مدنی کام 63 دن میں مکمل کر کے متعلقہ رکنِ شوری کو اور متعلقہ رکنِ شوری، اس کی کارکردگی نگرانِ شوری اور نگرانِ پاکستان انتظامی کابینہ کو پیش کریں۔

## مجلس فیضانِ مرشد

﴿98﴾ عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ (باب المدینہ کراچی) میں **مجلس فیضانِ مرشد کا نماز اجتماع** ہوا، جس میں نماز کے مسائل پر خصوصی تربیت ہوئی۔

## مدرسۃ المدینہ برائے بالغان

﴿99﴾ مدرسۃ المدینہ برائے بالغان میں 15 سے 20 منٹ **فرض علوم کورس** کے مختلف موضوعات بدل بدل کر (آڈیو) سنانے کی ترکیب ہو اور جو سُنا ہو، اس کے بارے میں شرکاء سے ماہانہ مختصراً تحریری ٹیسٹ لیا جائے۔ یاد رہے! کہ مسجد و فِنائے مسجد میں ویڈیو چلانے کی دارالافتاء اہلسنّت کی جانب سے اِجازت نہیں، لہٰذا صرف آڈیو پر ہی اِکتفاء کیا جائے۔

## مدنی عطیات کی کارکردگی

﴿100﴾ اس سال (۱۴۳۶ھ) رجب، شعبان، رمضان اور 25 شوال تک کے مدنی عطیات میں، کابینات میں **غزالی کابینات** (گلزارِ طیبہ (سرگودھا)، میانوالی، بھکر، لیّہ وغیرہ) کا تناسب (Percentage) میں اور رقم کے اِضافے کے لحاظ سے **ہجویری کابینات** (مرکز الاولیاء لاہور وغیرہ) کا، شعبہ جات میں **مدرسۃ المدینہ للبنین** کا پہلا نمبر، دوسرا **مجلس مدنی کام**

www.dawateislami.net

برائے **اسلامی بہنیں** اور تیسرا جامعۃ المدینہ للبنین کا رہا۔

## قربانی کی کھالیں

﴿101﴾ ماہِ ذُوالْحِجَّۃُ الْحَرَام میں تمام ذمہ داران کا بالخصوص ایک ہی کام ہے: ''اس مرتبہ ہم نے **کھالیں** سب سے **زیادہ** جمع کرنی ہیں۔'' اس کے لیے ان ذمہ داران کو فعال کریں، جو پہلے کھالیں جمع نہیں کرتے، یوں جمع کرنے والے اسلامی بھائی بڑھانے سے کھالیں بڑھیں گی۔

## اخراجات کم کیجئے

﴿102﴾ نگرانِ کابینہ ونگرانِ کابینات واراکینِ شوریٰ، حتی الامکان کسی کا حق تلف کیے بغیر جہاں جہاں تنظیمی اخراجات کم کیے جاسکتے ہیں، اخراجات کو کم کریں۔

﴿103﴾ مجلسِ مالیات **اخراجات کم** کرنے کا شعبہ قائم کرے۔ ہدف: 41 دن۔ (اس شعبہ کے مدنی پھول سید ابراہیم عطاری مرتب کریں۔ ہدف: 19 دن)

## اخراجات کم کرنے کی چند تراکیب

☆ مدنی مراکز (فیضانِ مدینہ) سے ملحقہ مکاتب کے نظام کو بھی وقتاً فوقتاً چیک کریں ☆ جن شعبہ جات یا مکاتب کو A.C کی اجازت ہے، A.C کے اِستعمال کو بھی دیکھا جائے کہ کس مقام پر کتنے وقت کے لیے ضرورت ہے ☆ مدنی مراکز (فیضانِ مدینہ) میں پنکھوں اور لائٹ کے اِستعمال کا بھی جائزہ لیا جائے، نمازوں کے اوقات میں نماز سے قبل اور بعدِ نماز، بالخصوص نمازِ فجر کے بعد دیکھا جائے کہ لائٹ اور پنکھے زائد نہ چل رہے ہوں۔

﴿104﴾ مدنی مراکز (فیضانِ مدینہ)، مدارس المدینہ اور جامعات المدینہ وغیرہ کے لیے کی جانے والی **خریداریوں** کی مجلسِ مالیات اجتماعی ترکیب بنائے تاکہ کم قیمت پر اچھی چیزیں خریدی جاسکیں۔ **زائد خریداری** کا بھی اندیشہ نہیں ہو گا۔ اسی طرح مختلف مقامات پر موجود اسٹورز کے نظام کو مضبوط کیا جائے، شرعی رہنمائی لے کر جو چیزیں بیچی جاسکیں، انہیں بیچ دیا جائے اور جو درست ہو کر استعمال میں لائی جاسکتی ہوں، ان کے استعمال کی ترکیب کی جائے۔

﴿105﴾ مجلس **''تحفظِ اثاثہ جات''** کی مدد سے اسٹورز کے نظام کو مزید بہتر انداز سے منظّم و مضبوط کیا جاسکتا ہے۔

﴿106﴾ مدنی مراکز کے وہ مکاتب جہاں **انٹرنیٹ/مدنی چینل** کی حاجت نہ ہو تو وہاں اس کی ترکیب نہ کی جائے۔

﴿107﴾ **فینسی وقیمتی تعمیرات** سے بچا جائے، سادگی میں بھی ایک حُسن ہے۔

﴿108﴾ جامعۃ المدینہ اور رہائشی مدرسۃ المدینہ کے مطبخ کے اخراجات کو متعلقہ کابینات ذِمہ داران چیک کریں اور

www.dawateislami.net

کہاں کہاں اخراجات کی کمی کی جاسکتی ہے، اس پر غور کرکے نگرانِ مجلس یا متعلقہ رکنِ شوریٰ سے فائنل کریں۔

﴾109﴿ بجلی وگیس کے میٹر جہاں جہاں بڑھانے کی حاجت ہو، بڑھا لیے جائیں تاکہ بل کنٹرول ہو سکیں۔ (مجلس جامعۃ المدینہ (للبنین وللبنات)، مجلس مدرسۃ المدینہ (للبنین وللبنات) مجلس فیضانِ مدینہ بالخصوص اس میں غور فرمالیں)

﴾110﴿ ذِمہ دارانِ دعوتِ اسلامی کے جدول اور مدنی مشوروں کے نظام اور لنگرِ رضویہ کے اخراجات کو اراکینِ شوریٰ اور نگرانِ کابینات ونگرانِ کابینہ بغور دیکھیں۔

## اسکوٹر (موٹر سائیکل) پر ہیلمٹ ضرور پہنئے

﴾111﴿ تمام اسلامی بھائی بشمول اراکینِ شوریٰ اسکوٹر یا موٹر سائیکل استعمال کریں تو **ہیلمٹ** ضرور پہنیں۔ پیچھے بیٹھنے والے بھی ہیلمٹ پہنیں، بغیر ہیلمٹ کے کسی کو پیچھے نہ بٹھائیں۔ عمامہ شریف ہیلمٹ کے نیچے آجائے تو فبِھا (ٹھیک) ورنہ عمامہ اُتار کر ہیلمٹ پہنیں، ہیلمٹ کے قانون پر عمل کرنے کی امیرِ اہلِ سنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کی طرف سے تاکید ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## مدنی مشورہ عالمی مجلس مشاورت

| | | |
|---|---|---|
| ٤ ذیقعدۃُ الحرام ١٤٣٦ھ | فیضانِ مدینہ بابُ المدینہ (کراچی) | 20 اگست 2015ء |

﴾112﴿ اسلامی بہنوں کی عالمی مجلسِ مشاورت کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ پوری دنیا میں اسلامی بہنوں کی اصلاح کی کوشش اور دیگر تمام مدنی کاموں وشعبوں کی ذمہ دار اور جوابدہ **عالمی مجلسِ مشاورت** ہے۔

﴾113﴿ اسلامی بہنوں سے متعلق تمام **مدنی کام** اور **تنظیمی اصول** عالمی مجلسِ مشاورت کے مشورے سے طے ہوتے ہیں، دُنیا بھر کی اسلامی بہنوں پر اس کا نفاذ اسی عالمی مجلسِ مشاورت کی ذمہ داری ہے۔

﴾114﴿ مسلمانوں کی آبادی میں آدھی سے زیادہ تعداد (تقریباً 52 فیصد) اسلامی بہنوں پر مشتمل ہے، اس لحاظ سے **اسلامی بہنوں میں مدنی کاموں** کی زیادہ حاجت ہے۔

﴾115﴿ عالمی مجلسِ مشاورت کی اراکین، خود **"بنتِ عطار باجی"** کی صحبت حاصل کریں اور اپنے ماتحت اسلامی بہنوں کو اپنی صحبت سے نوازیں اور ان کی بھی مدنی تربیت کریں۔ یاد رہے! تبدیلی صحبت سے بھی آتی ہے۔

## خود کو مُتنَازعہ ہونے سے بچائیے

www.dawateislami.net

﴾116﴿ خود کو **متنازعہ ہونے سے بچایئے**، جو مسئلہ مجلس بنا کر حل ہو سکتا ہو، وہ مجلس کے ذریعے ہی حل کریں۔

﴾117﴿ جس کی جتنی بڑی ذمہ داری ہوتی ہے، اس کی **احتیاطیں** بھی اُسی قدر بڑھ جاتی ہیں۔ بڑی سطح کی ذمہ دار اسلامی بہنیں اس بات کو پیشِ نظر رکھیں کہ کہاں جانا چاہئے اور کہاں نہیں؟ کئی دعوتوں میں جانا مناسب نہیں ہوتا۔

﴾118﴿ **انصاف اور عدل کے تقاضے پورے** کرنا آسان نہیں ہے، اسی لیے امامِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قاضیُ القضاء (چیف جسٹس، Chief Justice) کے منصب کو قبول نہ فرمایا تھا۔

## قُفلِ مدینہ کی تحریک

﴾119﴿ اسلامی بہنوں میں **قفلِ مدینہ تحریک** کو بھرپور طریقے سے نافذ کرنے کی کوشش کیجئے۔ ان میں خاموش رہنے کا رواج ڈالئے، خاموشی کو اپنے اوپر مسلّط کیجئے تاکہ غیبتوں اور چغلیوں کی روک تھام ہو سکے۔

﴾120﴿ جب کسی کے گھر جائیں تو بہت احتیاط کیجئے، کوئی ایسی بات سرزد نہ ہو جس سے **اہلِ خانہ کو تکلیف** پہنچے۔

## اسلامی بہنوں میں مدنی مشوروں کا نظام

﴾121﴿ **ماہانہ کابینات سطح** پر مدنی مشوروں کی ترکیب ہو، جس میں کابینات ذمہ دار بالمشافہ کابینہ ذمہ داران کا ماہانہ مدنی مشورہ کریں۔ موجودہ کارکردگی، طے شدہ اہداف کے بارے میں پوچھ گچھ، مسائل اور ان کا حل، ترقی و تنزلی کا جائزہ، **اچھی کارکردگی** پر حوصلہ افزائی، مدنی تحائف کی تقسیم، آئندہ کے اہداف اور پیشگی و کارکردگی جدول پر احسن انداز سے کلام ہو۔

﴾122﴿ ہر ماہ کابینات ذمہ دار کے مدنی مشورے میں کابینہ ذمہ دار اسلامی بہنوں کے ساتھ کابینات سطح پر **شعبہ ذمہ دار** بھی شامل ہوں اور ہر 3 ماہ بعد نگرانِ پاکستان انتظامی کابینہ ابو رجب حاجی محمد شاہد عطاری اور رکنِ شوریٰ و نگرانِ مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں، حاجی ابو ماجد محمد شاہد عطاری المدنی بذریعہ انٹرنیٹ اس میں شامل ہوا کریں گے۔

﴾123﴿ **12 ماہ میں ایک بار** ملک بھر کی تمام **کابینہ ذمہ دار** باب المدینہ میں بنتِ عطار باجی، عالمی مجلسِ مشاورت ذمہ دار باجی اور پاکستان مجلسِ مشاورت ذمہ دار باجی سے مدنی پھول لینے کے لیے حاضر ہوں۔ عالمی مجلسِ مشاورت کی اسلامی بہنیں، اِنہیں مدنی پھول عنایت فرمائیں اور بہتر کارکردگی پر حوصلہ افزائی اور ضرورتاً تفہیم و تربیت کریں۔

﴾124﴿ ہر 4 ماہ بعد مدینۃ الاولیاء (ملتان) یا سردار آباد (فیصل آباد) میں **پاکستان مجلسِ مشاورت ذمہ دار** بالمشافہ پاکستان کی تمام کابینات ذمہ داران اور پاکستان سطح کی شعبہ ذمہ دار اسلامی بہنوں کا مدنی مشورہ کریں، اس میں بھی نگرانِ پاکستان انتظامی کابینہ اور رکنِ شوریٰ و نگرانِ مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں بھی بذریعہ انٹرنیٹ شامل ہوا کریں۔

﴾125﴿ ہر رکن عالمی مجلسِ مشاورت کے پاس **تقرری کی یہ تفصیل** موجود ہو کہ ان کے ماتحت کتنی اسلامی بہنیں ذمہ

www.dawateislami.net

داریوں پر ہیں، مثلاً 1 کابینہ میں 10 ڈویژن ہیں تو ان 10 ڈویژنوں میں کتنے ڈویژنوں پر ذمہ دار مقرر ہیں، اسی طرح علاقوں، حلقوں اور ذیلی حلقوں کی تفصیل بھی ہونی چاہیے۔

## مجلس کورسز (اسلامی بہنیں)

﴿126﴾ اب تک مجلس کورسز (اسلامی بہنیں) کے تحت جتنے کورسز ہوچکے ہیں، اس کی **اِجمالی کارکردگی** مثلاً کورس کا نام، کورس کی تاریخ، کورس کرنے والی اسلامی بہنوں کی تعداد، کورس کروانے والی اسلامی بہنوں کی تعداد اور اس کی کارکردگی مثلاً کہ کتنی معلّمہ؟ کتنی مبلغہ؟ کتنی عطاریہ بنیں؟ کتنی گھر درس دینے لگیں اور کتنی اسلامی بہنوں نے مدنی برقع پہنا وغیرہ، عالمی مجلسِ مشاورت ذمہ دار، رُکنِ شوریٰ ابو ماجد حاجی محمد شاہد عطاری المدنی کو میل کریں۔ **ہدف: 26 دن**

﴿127﴾ **کورسز کروانے والی** اسلامی بہنوں کی مدنی **تربیت** کرنے کا بھی کوئی کورس تیار کیا جائے۔

﴿128﴾ **کورس کے معیار** کو چیک کرنے کا مضبوط طریقہ اپنایا جائے۔

﴿129﴾ کورس کرنے والی اسلامی بہنوں کو دورانِ کورس ہی **تنظیمی ذمہ داری** دی جائے۔ ایسا نظام بنایا جائے کہ کورس کے دوران ہی بیعت کے لیے نام لکھوانے والیوں کو مکتوبِ عطار (بیعت نامہ) مِل جائے۔ کورس کے نصاب کو متأثر کئے بغیر تنظیمی اسلامی بہنیں کورس میں حاضر ہو کر کورس کرنے والیوں کو 8 مدنی کام کرنے کا ذہن دیں اور انہیں حسبِ حیثیت کوئی تنظیمی ذمہ داری بھی سونپیں۔

﴿130﴾ مدنی ماحول میں **پختگی** ذمہ داری سے ہوتی ہے اور استقامت بھی ملتی ہے، مدنی کاموں میں بھی مضبوطی آتی ہے۔

## قربانی کی کھالیں اور گھریلو صدقہ بکس

﴿131﴾ اسلامی بہنیں بھی (محارم کے ذریعے) **قربانی کی کھالیں** جمع کرنے اور گھریلو صدقہ بکس (Box) کو گھروں میں رکھوانے میں بھرپور کوشش کریں اور اس کی ترغیب بھی دلائیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## مدنی مشورہ مجلس بیرونِ ملک

| | | |
|---|---|---|
| ٤ ذیقعدۃُ الحرام ۱۴۳۶ھ | فیضانِ مدینہ بابُ المدینہ (کراچی) | 30 اگست 2015ء |

﴿132﴾ **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ رکنِ شوریٰ ونگرانِ مجلس بیرونِ ملک حاجی عبدالحبیب عطاری اور رکنِ شوریٰ حاجی محمد بلال رضا عطاری نے 30 اگست 2015** بروز اتوار بیرونِ ملک کے نگران وارا کین کابینہ/کابینات، شعبہ جات کے ذِمہ

www.dawateislami.net

داران اور مبلغینِ دعوتِ اسلامی سے بذریعہ انٹرنیٹ لنک مدنی مشورہ فرمایا اور ان کی طرف سے آنے والے سوالات کے جوابات بھی عطا فرمائے۔

﴿133﴾ مدنی مشورے میں شریک ان ممالک کی حاضری بذریعہ اسکائپ/whatsApp مکتب بیرون ملک کو موصول ہوئی۔

''عرب شریف، ہند، بنگلہ دیش، ساؤتھ افریقہ، تنزانیہ، سی لنکا، ساؤتھ کوریا، فرانس، ہالینڈ، ہانگ کانگ، عمان، یوکے، آسٹریلیا، یوگینڈا، ماریشس، گریس، یواے ای، بحرین''۔

اراکینِ شوریٰ نے مدنی مشورے کے شرکاء کو درج ذیل مدنی پھولوں سے نوازا۔

﴿134﴾ دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلس شوریٰ کے گزشتہ مدنی مشورے میں یہ مدنی پھول طے ہوا تھا کہ اراکینِ مرکزی مجلس شوریٰ کے کاموں کی تقسیم اس انداز سے ہو کہ پاکستان کے مدنی کاموں کے لئے اراکینِ شوریٰ الگ ہوں اور بیرونِ ملک کے مدنی کاموں کے لئے اراکینِ شوریٰ الگ ہوں، بیرونِ ملک کے اسلامی بھائیوں کے لئے خوشخبری ہے کہ الحمدللہ عزوجل درج بالا مدنی پھول کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے دعوتِ اسلامی کی ترقی کے لئے مرکزی مجلسِ شوریٰ نے بیرونِ ملک کے لئے باقاعدہ 38 رکنی مجلس بیرونِ ملک کے لئے مقرر کردی ہے۔

## ممالک کی تقسیم کی تفصیل درج ذیل ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | رکن شوریٰ حاجی عبدالحبیب عطاری (نگران مجلس بیرون ملک) | مکی ممالک | یوکے (انگلینڈ، آئرلینڈ، سکاٹ لینڈ، ویلز) |
| 2 | رُکن شوریٰ حاجی بلال رضا عطاری (معاون نگران مجلس بیرون ملک) | قادری ممالک | شمالی اور لاطینی امریکہ (برازیل، ارجنٹائن، چلی، یوروگوئے، پیراگوئے، کولمبیا، فرنچ گیانا، گیانا، سیرینم، بولیویا، وینزویلا، ٹرینیڈاڈ، ٹوباگو، ایل سلواڈور، ایکواڈور، پانامہ، ہیتی، سینٹ کیٹس، بھاماس، بارباڈوس، جمیکا، پیرو، ڈومینکن ری پبلک، میکسیکو، کیوبا، امریکہ، کینیڈا، گرین لینڈ، فاک لینڈ، برمودا، بیلز، کوسٹاریکا، ڈومینیکا، جرنیڈا، گوئٹے مالا، ہونڈارس، نکاراگوا، سینٹ لیوسا، سینٹ ویسنٹ) |
| 3 | رکن شوریٰ حاجی بلال رضا عطاری | رضوی ممالک | ہند، نیپال، بھوٹان |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 4 | رکن شوریٰ حاجی امین قافلہ عطاری | بلالی ممالک | مشرقی اور وسطی افریقہ (تنزانیہ، کینیا، یوگنڈا، صومالیہ، ایتھوپیا، ڈی جبوتی، اریٹیریا، کانگو، جمہوریہ وسطی افریقہ، عوامی جمہوریہ کانگو، گبون، انگولا، کیمرون، نائیجر، نائجیریا، چاڈ، مالی، برکینا فاسو، گھانا، ماریطانیہ، آئیوری کوسٹ، سینیگال، سیرالیون، لائبیریا، گینی، گینی بیساؤ، مغربی صحارا، برونڈی) |
| 5 | رکن شوریٰ حاجی اظہر عطاری | عطاری ممالک | یورپ (البانیہ، آسٹریا، بیلجیئم، بوسنیا ہرزگووینیا، کروشیا، بلغاریہ، سائپرس، چیک ریپبلک، ڈنمارک، فرانس، جرمنی، گریس (یونان)، ہنگری، آئس لینڈ، اٹلی، کوسوو، مالٹا، میکڈونیا، موناکو، لکسمبرگ، پولینڈ، پرتگال، سربیا، سلواکیا، سویڈن، سپین، سوئٹزرلینڈ، ویٹی کن، نیدرلینڈ، ناروے، ترکی) |
| 6 | رکن شوریٰ محمد رفیع العطاری | شافعی ممالک | فارایسٹ (منگولیا، چائنہ، شمالی کوریا، جنوبی کوریا، جاپان، فلپائن، ویتنام، مکاؤ، تائیوان، ہانگ کانگ، تھائی لینڈ، برما، ملائیشیا، لاؤس، کمبوڈیا، سنگاپور، برونائی دارالسلام، مشرقی تیمور، انڈونیشیا، سی لنکا، مالدیپ) |
| 7 | رکن شوریٰ حاجی محمد علی عطاری | حنفی ممالک | بنگلہ دیش |
| 8 | رکن شوریٰ قاری محمد سلیم عطاری | بغدادی ممالک | لوئر افریقہ (جنوبی افریقہ، لیسوتھو، سوازی لینڈ، مڈغاسکر، موریشیس، بوٹسوانا، نمیبیا، زیمبیا، زمبابوے، ملاوی، موزمبیق، بساس ڈی انڈیا، روانڈا) |
| 9 | حاجی محمد شہاب عطاری | مالکی ممالک | یواے ای، عُمّان |
| 10 | حاجی محمد مسعود عطاری | مدنی ممالک | عرب ممالک (عرب شریف، بحرین، قطر، کویت، اردن، شام، عراق، یمن، مصر، سوڈان، جنوبی سوڈان، لیبیا، الجزائر، مراکش، تیونس) |
| 11 | حاجی محمد امتیاز عطاری | ہجویری ممالک | ایران، افغانستان |
| 12 | محمد عاطف باپو | بخاری ممالک | رشین اسٹیٹس (روس، بیلا روس، یوکرین، جارجیا، آرمینیا، آذربائیجان، قازقستان، کرغزستان، ترکمانستان، ازبکستان، تاجکستان، ایسٹونیا، لیٹویا، لیتھونیا، فن لینڈ) |
| 13 | محمد عبدالواحد عطاری | حنبلی ممالک | اوشنیا (آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، سمووا، پاپوانیوگنی، فجی، سلومون، مارشل آئی لینڈ، کیریباتی، نورو، پولاو، میکرونیسیا، ٹونگا، ولاؤ) |

www.dawateislami.net

﴿135﴾ بیرونِ ملک کابینہ/ ملک ذمہ دار کو چاہئے کہ آپ کے ملک کے بننے والے نئے ذمہ دار/ رکنِ شوریٰ اور سابقہ ذمہ دار کے ساتھ رابطے میں رہتے ہوئے اپنی کابینہ/ ملک میں خوب دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں کی دھومیں مچائیں۔

﴿136﴾ عیدالاضحیٰ (بقرعید) کی آمد آمد ہے، اس حوالے سے جہاں جہاں قربانی کی کھالیں جمع ہوتی ہیں، وہاں کے ذمہ داران خصوصی توجہ دیں اور پچھلے سالوں کے مقابلے میں اس سال مزید بہتر انداز میں دعوتِ اسلامی کے لئے چرمِ قربانی (قربانی کی کھالیں) جمع کرنے کی کوششیں شروع فرمائیں۔

﴿137﴾ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہر سال کی طرح اس سال بھی مجلس بیرونِ ملک کے تحت بیرونِ ملک میں موجود عاشقانِ رسول کی سہولت کے لئے اجتماعی قربانی کی ترکیب ہوگی۔ جس کی تفصیلات مجلسِ اجتماعی قربانی (بیرونِ ملک) کی طرف سے کابینہ/ کابینات کے ذمہ داران کو میل کی جاچکی ہے۔

**اجتماعی قربانی کے حصّوں کی بکنگ کی آخری تاریخ : 20ستمبر 2015**

| | |
|---|---|
| گائے فی حصّہ | 9900/- PKR |
| فی بکرا | 15000/- PKR |
| ای میل آئی ڈی | overseasqurbani@gmail.com |
| رابطہ نمبر | 0213-4921394 |

﴿138﴾ بیرونِ ملک ذِمہ داران اجتماعی قربانی کے حوالے سے بھی بھرپور کوششیں فرمائیں اور مقررہ تاریخ تک اپنے ممالک سے قربانی کے حصّوں کی تفصیلات مجلس کو میل فرمائیں۔

﴿139﴾ اِجتماعی قربانی کے حصّے جمع کرنے کے بھی فوائد ہیں۔(۱) جتنے زیادہ حصے آپ جمع کر کے بھیجیں گے، اتنے ہی زیادہ آپ کے ملک کے مسلمانوں کی قربانی شرعاً درست اور بہتر انداز میں ہوسکے گی کیوں کہ فیضانِ امیرِ اہلِ سنّت (دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ) سے دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول میں اِفتاء مکتب کی رہنمائی سے شرعی احتیاطوں کے ساتھ اجتماعی قربانی کی جاتی ہے۔(۲) قربانی کا گوشت اسلامی بھائیوں تک پہنچے گا تو ان کی بھی دل جوئی کا سامان ہوگا۔(۳) جتنی آپ اجتماعی قربانی کی تشہیر کریں گے لوگ آپ سے اجتماعی قربانی کے لئے رابطے کریں گے گویا وہ آپ کے رابطے میں آتے رہیں گے اور یوں ان کا ریکارڈ آپ کے پاس جمع ہوتا رہے گا اور بعد میں بھی آپ انہیں دعوتِ اسلامی کے ماحول سے وابستہ کرسکیں گے۔(۴) اجتماعی قربانی کے جتنے زیادہ حصّے جمع ہوں گے، اُس کی کھالیں دعوتِ اسلامی کو ملیں گی، جس کا فائدہ دعوتِ اسلامی کو ہوگا۔

﴿140﴾ یاد رہے! پاکستان کے علاوہ کسی بھی ملک میں اجتماعی قربانی کرنے کی مدنی مرکز کی طرف سے کسی بھی ذمہ دار کو اجازت نہیں، نیز حج کے ایّام میں بھی عرب شریف میں دعوتِ اسلامی کے تحت اجتماعی قربانی نہیں ہوتی۔

﴿141﴾ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ 16 اکتوبر 2015، بروز بدھ (محرم الحرام) کو مدنی چینل کا سلسلہ ٹیلی تھون برائے دارالمدینہ ہوگا۔ اس کے حوالے سے عیدالاضحیٰ کے بعد بذریعہ انٹرنیٹ لنک باقاعدہ بیرونِ ملک ذمہ داران کا مدنی مشورہ ہوگا۔

﴿142﴾ مبلغینِ دعوتِ اسلامی اپنے دن اور رات کی مصروفیت (Activity) پر غور کر لیجئے اور اپنے آپ کو نفس و شیطان کے واروں سے بچانے کی کوشش کیجئے، انٹرنیٹ، موبائل، لیپ ٹاپ یہ بہت ہی تباہ کن چیزیں ہیں اور بعض اوقات یہ چیزیں ایسے گڑھے میں ڈال دیتی ہیں کہ انسان کا کیرئیر (Career) تباہ و برباد ہو جاتا ہے۔

﴿143﴾ یاد رکھئے! مقام بنانے میں بہت دیر لگتی ہے، تباہ ہونے میں دیر نہیں لگتی۔

﴿144﴾ مدنی انعامات کے عاملین کی صحبت اختیار کیجئے۔ نفلی روزوں کی مدنی تحریک میں اپنے آپ کو شامل کیجئے۔

﴿145﴾ اپنی نگاہوں کی حفاظت کیجئے اپنے اُن معاملات کو قابو میں کیجئے، جو نفس و شیطان کے بہکاوے کا سبب بنتے ہیں۔

﴿146﴾ کہیں ایسا نہ ہو کہ لوگ سمجھ رہے ہوں کہ ہمارا اسلامی بھائی گھر بار چھوڑ کر، وطن چھوڑ کر خوب سنّتوں کی خدمت کر رہا ہے، لیکن ہم پھر بھی اپنی غفلتوں کے سبب جہنم کے حق دار ٹھہریں۔

﴿147﴾ تمام ذمہ داران کو چاہئے کہ امیرِ اہلِ سنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کا پسندیدہ 12 روزہ مدنی کورس جلد از جلد کر لیں۔

﴿148﴾ ان شاء اللہ عزوجل شہزادۂ امیر اہلسنّت، مبلغِ دعوتِ اسلامی حاجی ابو ہلال محمد بلال رضا عطاری سلمہ الباری 11 ستمبر 2015ء سے تنزانیہ (ایسٹ افریقہ) مدنی کاموں کے لئے سفر فرما رہے ہیں، دنیا بھر کے ذمہ داران اس موقع سے بھرپور فائدہ حاصل کریں اور شہزادۂ عطار کی صحبتیں حاصل کریں، اس حوالے سے مزید معلومات مکتب بیرونِ ملک سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

﴿149﴾ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ یکم تا 10 ذو الحجۃ الحرام (14 ستمبر 2015ء سے آغاز) تک عالمی مدنی مرکز فیضان مدینہ میں شیخِ طریقت، امیرِ اہلِ سنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے مدنی مذاکروں کا سلسلہ ہوگا جو کہ مدنی چینل پر بھی براہ راست نشر کئے جائیں گے۔

www.dawateislami.net

﴿150﴾ نگرانِ مرکزی مجلس شوریٰ و مبلغ دعوتِ اسلامی حاجی ابو حامد محمد عمران عطاری مدظلہ العالی نومبر 2015ء کے دوسرے ہفتے میں ملکی ممالک (یو کے وغیرہ) اور عطاری ممالک (یورپ) کا سفر فرمائیں گے۔ اس سفر کے دوران 3 روزہ تربیتی اجتماع کا سلسلہ بھی ہوگا۔ دنیا بھر سے ذمہ داران اس میں بھی شرکت کی ترکیب بنا سکتے ہیں، اس کا باقاعدہ جدول مکتب بیرونِ ملک سے میل کیا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ

﴿151﴾ اِنْ شَآءَ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ رکنِ مرکزی مجلسِ شوریٰ حاجی ابو کُمَیْل محمد فضیل رضا عطاری ذُوالحجۃ الحرام 1436ھ میں نیپال کا سفر فرمائیں گے، جہاں دو، **12 روزہ مدنی کورس** کا سلسلہ بھی ہوگا، پہلا کورس 2 اکتوبر 2015 کو اور دوسرا کورس 14 اکتوبر 2015 کو شروع ہوگا۔ اس میں ہند کے نگرانِ کابینہ/کابینات بھی شرکت کریں گے۔ ہند اور نیپال کے علاوہ دیگر ممالک سے اگر ذمہ داران اس کورس میں شرکت کرنا چاہتے ہیں تو پیشگی طور پر مکتب بیرونِ ملک سے رابطہ کر کے معلومات حاصل کر لیں تاکہ ان کے انتظامات کئے جاسکیں۔

﴿152﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰه عَزَّوَجَلَّ! دعوتِ اسلامی کی مجلس تراجم کے ذریعے امیرِ اہلِ سنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَه کے رسائل کا تقریباً 35 زبانوں میں ترجمہ ہو چکا ہے، مزید 3 سے 4 زبانوں میں ترجمے کا کام جاری ہے، اس حوالے سے بیرونِ ملک ذمہ داران اپنے ملک/کابینہ میں ایسے اسلامی بھائی جو کتابوں/رسائل کے ترجمہ میں دلچسپی رکھتے ہوں، اُن کا رابطہ مکتب بیرونِ ملک کے ذریعے تراجم مکتب میں کروا دیں۔

﴿153﴾ جو اسلامی بھائی مدنی مذاکروں یا دیگر کورسز کی تربیت کیلئے عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ باب المدینہ کراچی آنا چاہتے ہیں، اس کا پیشگی جدول مکتب بیرونِ ملک میں میل فرمائیں تاکہ ان کے جدول اور رہائش وغیرہ کے معاملات بہتر انداز میں کئے جاسکیں۔

﴿154﴾ بیرونِ ملک میں مدنی کاموں کو مزید بہتر انداز میں کرنے کے لیے مختلف زبانوں کے لئے لینگویج کورسز مبلغین کو کروانے کے لئے اپنے مدنی مشورے اور آراء مکتب بیرونِ ملک کو میل کی جاسکتی ہیں۔

﴿155﴾ امیرِ اہلِ سنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَه کے مدنی مذاکروں میں بیرونِ ملک ذمہ داران و مبلغین پابندیٔ وقت کے ساتھ شرکت کا معمول بنائیں۔

﴿156﴾ مبلغینِ دعوتِ اسلامی اور ذمہ داران اپنے جدول میں ذاتی مطالعہ کو شامل فرمائیں، بالخصوص وہ کتابیں جن کا امیرِ اہلِ سنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَه بار بار ارشاد فرماتے رہتے ہیں اور مدنی انعامات کے نصاب میں بھی شامل ہیں، ان کو جدول میں شامل فرمائیں۔

www.dawateislami.net

﴿157﴾ مطالعہ کس وقت کرنا چاہئے؟ مطالعہ کرنے کے بعد کیسے ذہن نشین ہو؟اس حوالے سے مطالعہ کرنے کے 18 مدنی پھول، امیرِ اہلِ سنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی سیرت کے متعلق رسالے "شوقِ علمِ دین" سے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

﴿158﴾ المدینۃ العلمیہ کی طرف سے ملنے والا بیان نیز اس کا مجلس تراجم سے ہونے والا انگلش ترجمہ جو مکتب بیرونِ ملک سے بیرونِ ملک کے ذمہ داران کو ہر ہفتہ میل بھی کیا جاتا ہے، ذمہ داران ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماع میں اسی بیان کو اپنا معیار بنائیں۔ (اسی بیان کو دیگر زبانوں میں ترجمہ کروانے کے لئے ذمہ داران مکتب بیرونِ ملک کے ذریعے مجلسِ تراجم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔)

## مدنی التجاء

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ کئی برسوں سے دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلسِ شوریٰ کے مدنی مشورے وقتاً فوقتاً کئی کئی دِنوں تک دعوتِ اسلامی کے عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ، مَدِیْنَۃُ الْمُرْشِد، بابُ المدینہ (کراچی) میں جاری رہتے ہیں، باہمی مشاورت سے جو طے ہوتا ہے، اِس کو مختصراً تحریر کرلیا جاتا اور ضرورتاً ترمیم وتخریج کے ساتھ ذِمہ دارانِ دعوتِ اسلامی کی طرف بھیجا جاتا ہے۔ اِن مدنی پھولوں سے بھرپور فائدہ اُٹھا کر نہ صرف اپنے مُلکوں، ڈویژنوں، شہروں اور شعبوں میں نافذ کریں بلکہ اپنے قیمتی مشوروں سے بھی نوازیں۔ برائے کرم! اِن مدنی پھولوں کو 7 دِن کے اندر اندر مُتعلِّقہ ذِمّہ داران تک پہنچا کر تصدیق وتوثیق (Confirmation) لیں اور اپنے نگران کو بھی مطلع کریں۔

**اللہ** تَعَالٰی ہم سب کو امیرِ اہلِ سُنّت دَامَت بَرَکَاتُہُم العَالِیَہ کی غلامی اور دعوتِ اسلامی پر اِخلاص و عافیت کیساتھ اِستقامت نصیب فرمائے۔ **اٰمین بِجاہِ النَّبِیِّ الْاَمین** صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم

## مرکزی مجلسِ شُوریٰ کے آیندہ مدنی مشورے کا جدول اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

اراکینِ شوریٰ کے عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ بابُ المدینہ (کراچی) میں پہنچنے کا وقت: 3 نومبر 2015ء مغرب

| # | تاریخ ہجری<br>۱۴۳۷ھ | تاریخ عیسوی<br>2015ء | دن | وقت | شرکاء |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ۱۹ محرم الحرام | 3 نومبر | منگل | عشاء | نگران واراکینِ مرکزی مجلسِ شوری |
| 2 | ۲۰ | 4 | بدھ | ظہر تا مغرب | نگرانِ کابینات پاکستان واراکینِ مرکزی مجلسِ شوری |
| 3 | // | // | // | عشاء | // |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 4 | ۲۱ | 5 | جمعرات | ظہر تا مغرب | مجلس بیرونِ ملک |
| 5 | // | // | // | بعدِ اجتماع | نگرانِ کابینات پاکستان واراکینِ مرکزی مجلسِ شوریٰ، اراکینِ مجلس بیرونِ ملک |
| 6 | ۲۳ | 7 | ہفتہ | صبح 9 تا دوپہر 1 | عالمی مجلس مشاورت |

**تاریخِ اجراء:** ۸ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۶ھ، 23 ستمبر 2015ء

www.dawateislami.net